احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

اشاعت خصوصی

جمعہ 22 مئی 2009ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 22 مئی 2009ء 26 جمادی الاول 1430 ہجری 22 ہجرت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 113


## صحابہؓ میں سب سے افضل

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ابوبکرؓ کو سب سے افضل سمجھتے تھے۔ پھر عمرؓ بن خطاب کو۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب فضل ابی بکرؓ حدیث نمبر: 3382)

# دعاؤں کو حصول زر کا ذریعہ بنانا تو ایک لعنت ہے

## خلافت کی موجودگی میں ایسی گدیوں کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا مجلس انصاراللہ مرکزیہ سے خطاب کا ایک حصہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 11 ویں سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ مرکزیہ پر 31 اکتوبر 1966ء کو جو اختتامی خطاب فرمایا اس کا ایک حصہ پیش خدمت ہے۔

جب ایسی الٰہی جماعت دنیا میں قائم ہوتی ہے خداتعالیٰ کے انبیاء کی قوت قدسیہ کے نتیجہ میں تو بعض لوگ اس جماعت میں ایسے بھی پیدا ہوجاتے ہیں جو دعاؤں کے ذریعہ آمد پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں کیونکہ ہم دعاؤں پر زور دے رہے ہیں اور جماعت سے کہہ رہے ہیں کہ دعائیں کرو، دعائیں کرو، دعائیں کرو، تم کچھ چیز نہیں ہو، خدا سے مانگو، خدا سے مانگو تو چونکہ شیطان کا کام ہے فتنہ پیدا کرنا وہ دعاؤں کی اس فضا میں بھی فساد پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس وسواس کے وسوسہ کے نتیجہ میں ایسے دعا گو پیدا ہوجاتے ہیں جو دعاؤں کے ذریعہ آمد پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دعا گو پارٹیاں بن جاتی ہیں۔ جو جماعتی اتحاد میں رخنہ پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ یاد رکھنا چاہئے کہ دعاؤں کو حصول زر کا ذریعہ بنانا تو ایک لعنت ہے، یہ کوئی خوبی تو نہیں۔ دعا کا مزہ تو یہ ہے کہ غیراللہ سے انسان آزاد ہوگیا اور صرف خدا پر توکل کرنے لگا، خداتعالیٰ ہی اس کا والی اور وارث ہوا اور اس کا متکفل بنا، اس کا دوست ہوا اور اس کو دینے والا ہوا۔ تو دعا کا نام لے کر دعا گو بن کر اور اس دعویٰ کے بعد کہ سب حاجتیں حاجت روا کے سامنے ہی پیش کرنی ہیں۔ بندوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا اور فانیوں کے ''حضور'' تہی دامانی کا رونا رونا اس سے بڑی لعنت اور کیا ہوسکتی ہے۔ اسی لئے 1939ء میں حضرت مصلح موعود نے جماعت کو بڑی سختی کے ساتھ اس بات کی طرف متوجہ کیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ

**''مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری جماعت میں بعض خواب بینوں نے اپنی خوابوں اور دعاؤں کو آمد کا ذریعہ بنایا ہوا ہے اور وہ آنوں بہانوں سے لوگوں سے سوال بھی کرتے رہتے ہیں۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ بندوں سے مانگنے پر مقرر کردیتا ہے وہ تو ایک عذاب ہے۔ ایسے شخص کی خوابیں بھی یقیناً ابتلا کے ماتحت ہوسکتی ہیں۔ انعام کے طور پر نہیں''۔**

(الفضل 8 نومبر 1939ء ص 18)

پس جماعت کو ایسے ''دعا گو'' سے بچتے رہنا چاہئے اور اس قسم کے فتنہ کو شروع ہی میں دبا دینا چاہئے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ الٰہی جماعتوں میں ہی ایسے لوگ پیدا ہوتے اور پیدا ہوسکتے ہیں۔ کیونکہ جو لوگ خدا کو بھول گئے، دعا کو بھول گئے، ان کو دعا کا کچھ پتہ ہی نہیں۔ ان میں ایسے لوگ نہیں پیدا ہوسکتے وہ تو مذاق کریں گے اور کہیں گے دوڑ جاؤ یہاں سے تم یہاں کیا کرنے آئے ہو۔ لیکن جو جماعت دعا پر زور دینے والی، دعاؤں کے نتائج کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے والی ہو، اس کے بعض لوگ کمزوری کے نتیجہ میں ایسی حرکت بھی کرسکتے ہیں اور جماعت کے بعض کمزور لوگ ان سے متاثر بھی ہوسکتے ہیں۔

پس دعا اور سچی خوابیں دنیا کمانے کے لئے نہیں۔ بڑا ہی خوش قسمت ہوگا وہ انسان جو اس دنیا سے اس حالت میں رحلت کرے کہ خداتعالیٰ اسے کہے میں نے تجھے دنیا میں دنیوی اور روحانی ابتلاؤں اور امتحانوں میں ڈالا لیکن تو ہر امتحان میں کامیاب رہا۔ اب تو مستحق ہے کہ میری ابدی رضا کو حاصل کرے۔

ایک اور خطرہ جو الٰہی جماعتوں کو پیش آتا ہے یہ ہے کہ بعض دفعہ **بعض لوگ اپنی خوابوں اور کشوف ورویا کے نتیجہ میں چھوٹی چھوٹی گدیاں بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس قسم کے فتنے سے بھی بچتے رہنا چاہئے** اور ذرا بھی کوئی ایسی چیز نظر آئے تو اسے دبا دینا چاہئے۔ **جس جماعت میں خلافت راشدہ قائم ہو۔ اس جماعت کے کسی فرد کو کسی دوسرے سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔** اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ ڈھارس دی ہے کہ امام ایک ڈھال ہوتا ہے اور اس کے پیچھے سے لڑا جاتا ہے۔ جو تیر پڑے گا وہ امام کے سینے پر پڑے گا۔ پھر آپ کس چیز سے گھبراتے ہیں۔ آپ بے خوف ہوجائیں اور بے خوف ہوکر دینی کام کریں اور پھر بے خوف ہوکر ان فتنوں کو چاہے وہ چھوٹے نظر آئیں یا بڑے کچلنے کی کوشش کیا کریں اور یاد رکھیں کہ خلافت حقہ میں اس قسم کی کسی گدی کی (-) نے نہ اجازت دی ہے اور نہ اسے تسلیم کیا ہے۔ 1940ء میں اس قسم کا ایک فتنہ جماعت میں پیدا ہوا تھا۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''ان کے اندر خود پسندی اور خودستائی تھی اور اپنی ولایت بگھارتے پھرتے تھے۔ لوگوں سے کہتے تھے ہم سے دعائیں کراؤ۔ **حالانکہ خلافت کی موجودگی میں اس قسم کی گدیوں والی ولایت کے کوئی معنے ہی نہیں** ...... خلفاء کے زمانہ میں اس قسم کے ولی نہیں ہوتے۔ نہ حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں کوئی ایسا ولی ہوا نہ حضرت عمرؓ یا حضرت عثمانؓ یا حضرت علیؓ کے زمانہ میں۔ ہاں جب خلافت نہ رہی تو اللہ تعالیٰ نے ولی کھڑے کئے کہ جو لوگ ان کے جھنڈے تلے جمع ہوسکیں انہیں کرلیں۔ تا قوم بالکل ہی تتر بتر نہ ہوجائے۔ لیکن جب خلافت قائم ہو اس وقت اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(روزنامہ الفضل 16 جون 1940ء ص 4)

**پس خلافت کی موجودگی میں ایسی ولایت کا وسوسہ دراصل کبر اور اباء ہے اور شیطانی وسوسہ ہے جہاں بھی پیدا ہو اسے کچل دینا چاہئے۔**

آخر میں میں حضرت مسیح موعود کا ایک اقتباس پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ

''اصل یہ ہے کہ ولی اللہ بننا ہی مشکل ہے بلکہ اس مقام کا سمجھنا ہی دشوار ہوتا ہے کہ یہ کس حالت میں کہا جاوے گا کہ وہ خدا کا ولی ہے۔ انسان انسان کے ساتھ ظاہرداری میں خوشامد کرسکتا ہے اور اس کو خوش کرسکتا ہے۔ خواہ دل میں ان باتوں کا کچھ بھی اثر نہ ہو۔ ایک شخص کو خیرخواہ کہہ سکتے ہیں۔ مگر حقیقت میں معلوم نہیں ہوتا کہ وہ خیرخواہ ہے یا کیا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ تو خوب جانتا ہے کہ اس کی اطاعت ومحبت کس رنگ سے ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ فریب اور دغا نہیں ہوسکتا۔ کوئی اس کو دھوکا نہیں دے سکتا۔ جب تک سچے اخلاص اور پوری وفاداری کے ساتھ یک رنگ ہوکر خداتعالیٰ کا نہ بن جاوے کچھ فائدہ نہیں''۔

(ملفوظات جلد سوم ص 595)

(الفضل سالانہ نمبر 27 جنوری 1967ء)

☆......☆......☆......☆

حضرت مصلح موعود کی مجلس عرفان

# خلیفہ اور پریذیڈنٹ میں کیا فرق ہے؟

حضرت مصلح موعود کی مجلس عرفان 22 نومبر 1921ء میں سوال ہوا کہ خلیفہ اور انجمن کے صدر دونوں کو لوگ منتخب کرتے ہیں اس لئے دونوں میں کیا فرق ہے۔ حضور نے اس کے جواب میں فرمایا:۔

''اس میں شبہ نہیں کہ بظاہر یہ دونوں ایک نظر آتے ہیں۔ مگر ان میں ایسا ہی فرق ہے جیسا ان دو بچوں میں فرق ہوتا ہے جن میں سے ایک زمین پر بیٹھا ہو اور دوسرا ایک مضبوط جوان شخص کے کندھے پر سوار ہو اور دونوں کسی درخت سے پھل توڑنا چاہیں۔ ظاہر ہے کہ زمین پر بیٹھنے والے کے مقابلہ میں کامیاب وہی ہوگا جو ایک جوان کے کندھے پر سوار ہے۔ کیونکہ اس نے اس ذریعہ سے پھل کو ہاتھ سے پکڑ کر توڑ لیا ہے۔ زمین پر بیٹھنے والا ممکن ہے پتھر مار کر پھل گرانا چاہے۔ مگر ضروری نہیں کہ اس کے پتھر سے پھل ٹوٹے لیکن اس کے مقابلہ میں کندھے پر چڑھنے والا یقیناً کامیاب ہوگا۔

اسی طرح کسی انجمن یا حکومت کے صدر کو بھی لوگ ہی منتخب کرتے ہیں اور خلیفہ کو بھی مگر خلیفہ کا انتخاب خدا کے وعدہ کے ماتحت ہوتا ہے۔ اس کی تائید خدا کرتا ہے کسی اور صدر کے لئے کوئی وعدہ نصرت الٰہی نہیں ہوتا۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ حضرت صاحب ہمیشہ تقریر فرماتے تھے اور خطبہ الہامیہ کے دن بھی حضور ہی نے تقریر فرمائی تھی مگر باقی تمام تقریروں کو الہامی نہیں کہتے اور صرف خطبہ الہامیہ کو ہی الہامی تقریر کہتے ہیں کیوں؟ صرف اس لئے کہ اور تقریروں کے متعلق وعدہ الٰہی نہ تھا اور خطبہ الہامیہ کے لئے خاص حکم اور وعدہ تھا۔ اس لئے یہی الہامی کہلاتا ہے۔ چونکہ وعدہ الٰہی دوسرے انتخابوں کے ساتھ نہیں ہوتا۔ اس لئے ان میں وہ بات نہیں ہوتی۔ جو خلافت کے انتخاب کے لئے ہے کیونکہ یہ وعدہ الٰہی کے ماتحت ہے۔ لوگوں کا منتخب کیا ہوا صدر ممکن ہے خدا کی ناراضگی کا موجب ہو مگر خلیفہ نہیں ہوسکتا۔

نیز یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ جو کام خدا کرائے خواہ اس کو بندے ہی کریں۔ وہ خدا کا کام سمجھا جاتا ہے۔ بیشک لوگ ہی خلیفہ کو منتخب کرتے ہیں۔ مگر اس کے انتخاب کو خدا اپنا کیا ہوا انتخاب فرماتا ہے اور اس طریق پر انتخاب کے ذریعہ نبیوں اور خلفاء میں تمیز ہو جاتی ہے۔ اگر خدا براہ راست کسی کو خلیفہ منتخب کرے اور کہے کہ میں تجھ کو خلیفہ بناتا ہوں تو اس خلیفہ اور نبی میں کوئی فرق نہیں رہ سکتا۔ پس نبی کا انتخاب خدا نے خاص اپنے ذمہ رکھا ہے اور خلیفہ کا بندوں کے ذریعہ مگر ایسا کہ بندوں سے اپنی منشا کے مطابق انتخاب کراتا ہے اور اس کی تائید و نصرت کا وعدہ فرماتا ہے۔ نبی جو جماعت بناتا ہے اس کا بیشتر حصہ خلیفہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت علیؓ کے وقت میں جب اختلاف ہوا تو صحابہ کا بڑا حصہ حضرت علیؓ کے ساتھ تھا۔

## آدم و داؤد کی خلافت

سوال کیا گیا قرآن کریم میں آدم اور داؤد کو بھی خلیفہ کہا گیا ہے۔ فرمایا لفظ خلیفہ کے وسیع معنے ہیں۔ آدم اور داؤد کی خلافت الگ قسم کی تھی۔ اس کی مثال اور ہے۔ وہ نبوۃ کے رنگ کی خلافت تھی۔ مثلاً خلیفہ تو درزی حجام کو بھی کہا جاتا ہے۔ کوئی کہے میں نے پانچ خلیفہ دیکھے وہ تو درزی کا کام کرتے تھے۔ یہ کیوں نہیں کرتے تو کہا جائے گا کہ ان کی خلافت اور ہے اور یہ خلافت اور۔

## منکر قرآن کے لئے ثبوت

سوال ہوا کہ یہ تو قرآن کریم کے ماننے والے کے لئے ہوا۔ منکر قرآن کے لئے کیا ثبوت ہوگا۔ فرمایا خلافت کا مسئلہ تو جزوی مسائل میں سے ہے۔ مثلاً کوئی منکر...... کہے کہ صبح کی نماز میں دو رکعتیں کیوں ہیں اور مغرب میں تین کیوں اور عصر میں چار کیوں۔ تو اس کو کہا جائے گا کہ یہ جزوی مسئلہ ہے جس کی بنیاد نقل پر ہے۔ **جو مسائل اصولی ہوں ان کی بنیاد عقل پر ہوتی ہے اور جو جزوی ہوں ان کی بنیاد نقل پر۔** ہم منکر...... سے خلافت کے متعلق یا رکعات نماز کے متعلق بحث نہیں کریں گے۔ بلکہ صداقت...... کے اصول کے متعلق کریں گے جب وہ مان لے گا۔ پھر اس کو جزوی مسائل کے تصفیہ کے لئے نقلی بحث میں لے آئیں گے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا تھا۔ جزئیات مسائل کی بنیاد اگر عقل پر ہوتی تو میں پاؤں کے اوپر مسح کرنے کی بجائے تلوے کا مسح بتاتا۔ مگر اس میں بحث عقل کی نہیں نقل کی ہے۔ گو ہم کسی جزوی بات میں کتنے ہی نکات بتائیں اور فلسفیانہ رموز بیان کریں مگر ان کی حیثیت ذوقیات سے زیادہ نہ ہوگی۔ پس خلافت کی بحث اصولی نہیں جزوی ہے جس کا تعلق مخالف...... سے نہیں قائل...... سے ہے''۔

(الفضل 26 دسمبر 1921ء/5 جنوری 1922ء)

☆......☆......☆

# خلافت

خلافت باعث صد جلوہ ہائے نور یزدانی
خلافت سرّشان و شوکتِ آیات قرآنی

خلافت رحمت حق مظہر صد لطفِ ایمانی
خلافت آفتاب و نیر ملت کی تابانی

خلافت ظلمتِ کفر و ضلالت کیلئے مشعل
خلافت نعرۂ حق نغمۂ توحید ربانی

نگاہِ بوبکرؓ سے دشمنانِ دیں پراگندہ
شکستہ ہیبت فاروقؓ سے اجسام شیطانی

خلافت دولتِ گم گشتہ انسان ناطاقت کی
خلافت برکت صبر ورضا و عشق عثمانیؓ

خلافت نے بشر کو عشق کے وہ راز سمجھائے
کہ جن کو دیکھ کر ہوتی ہے حیرت کو فراوانی

خلافت نے وہ حسن زندگی بخشا ہے دنیا کو
چمکتی ہے جمال پاک سے عالم کی پیشانی

خلافت کیا ہے انوار نبوت کا تتمہ ہے
انہی انوار سے روشن ہے چشم نوع انسانی

خلافت کی ردائے نور چھینے کوئی ناممکن
خدا خود کر رہا ہے جس خلافت کی نگہبانی

بحمد اللہ عروج آدم خاکی کا دور آیا
میسر ہے ہمیں پھر شوقؔ یہ انعام رحمانی

**عبدالحمید خان شوقؔ**

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/10 روپے

تبرکات

# نبوت اور خلافت کی حقیقت اور روحانی برکات

## خلافت اللہ تعالیٰ کا وہ انعام ہے جو نبی کی وفات کے بعد اس کی جماعت کو تسکین اور طمانیت کے لئے دیا جاتا ہے

حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری

جب دنیا ظلمت کدہ بن جاتی ہے اور انسانی قلوب تیرہ و تاریک ہو جاتے ہیں۔ تب اللہ تعالیٰ دنیا کو بقعۂ نور بنانے اور انسانوں کے دلوں کو منور کرنے کے لئے آفتاب حقیقت یعنی اپنے کسی برگزیدہ نبی، اور رسول کو مبعوث فرماتا ہے۔ نبی کی آمد پر انسانی ہجوم میں ایک ہیجان پیدا ہو جاتا ہے۔ اور عام لوگ اس کی مخالفت پر کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے نور کو اپنی منہ کی پھونکوں سے بجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مدعیان علم اپنے علوم کے باعث مخالفت پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ اور دنیوی وجاہت اور خاندانی عظمت کے پرستار اپنے غرور کے باعث نبی کے وجود کے درپے آزار ہو جاتے ہیں۔ بہرحال ایک زبردست طوفان برپا ہو جاتا ہے۔ اور ایک معرکہ حق و باطل قائم ہوتا ہے۔

## مومنوں کا ایمان

آسمانی انوار کی شعاعیں مستعد قلوب تک پہنچتی ہیں۔ اور یہاں اور وہاں ایسے روحانی انسان کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جو اپنا سب کچھ خدا کے فرستادہ کے مشن کے لئے قربان کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں یہ اولین لوگ ایک خاص قربانی ایک غیر معمولی مجاہدہ اور ایک بے مثال بصیرت کے بعد یہ قدم اٹھاتے ہیں۔ وہ یقین و وثوق سے لبریز دلوں کے ساتھ نبی کی طرف بڑھتے ہیں۔ اس کے دست حق پرست پر بیعت کرتے ہیں۔ اور اپنی آنکھوں سے آسمانی نوروں کو اترتا دیکھتے ہیں۔ بلکہ خود مہبط انوار بن جاتے ہیں۔ اس لئے وہ یقین کی ایک چٹان ہوتے ہیں۔ جہاں پر مخالفت کی سب لہریں پاش پاش ہو جاتی ہیں اور شکوک و شبہات دھوئیں کی طرح اڑ جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کایا پلٹ دیتا ہے۔ اور انہیں اپنے افضال و برکات سے غیر معمولی طور پر نوازتا ہے۔ کیونکہ وہ آئندہ بننے والے قصر روحانی کی ابتدائی بنیاد ہوتے ہیں۔ اور انہیں کشت روحانی کی اولین پنیری ہونے کا فخر ہوتا ہے۔ وہ اطفال اللہ ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے کلام کے شیریں دودھ اور آب حیات سے نبی اپنی آغوش رحمت میں پرورش کرتا ہے۔

## نبی کے لئے اللہ کی نصرت

نبی پہلے دن تنہا ہوتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی نصرت پر اسے اتنا یقین ہوتا ہے۔ کہ وہ اکیلا ساری دنیا سے ٹکر لینے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ جبکہ وہ اپنے سامنے کی دنیا کے عقائد کے خلاف، اس کے رسوم و رواج کے خلاف، اس کے تمدن اور اس کی سیاست کے خلاف نئے عقائد نئے سنن و طرق، نیا تمدن اور نیا طرز زندگی پیش کرتا ہے۔ نبی کا انتخاب کسی انسان کی مرضی یا اس کی رائے سے نہیں ہوتا حتیٰ کہ خود نبی کی اپنی رضامندی یا مرضی کا بھی اس میں دخل نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ انتخاب خالص خدائی انتخاب ہوتا ہے۔ اس زمانہ کے لوگ ہزار کہتے رہیں کہ یہ شخص تو نبی بننے کے اہل نہیں تھا۔ اس میں تو فلاں فلاں خامی پائی جاتی ہے۔ اس کا ملک اور اس کی بستی تو اس قابل نہ تھی۔ کہ اس علاقے اور اس گاؤں سے کوئی فرستادہ پیدا ہو۔ غرض لوگ ہزار نکتہ چینی کرتے رہیں۔ اور اس نبی کو ہزار مرتبہ نا اہل قرار دیتے رہیں۔ ان کی سب باتیں پرکاہ کے برابر وزن نہیں رکھتیں۔ اور ان کی نکتہ چینیاں صداقت کے انتشار میں روک نہیں بن سکتیں۔

## شمع حق کے پروانے

یہ انتخاب سراسر خدائی انتخاب ہوتا ہے اس لئے مشیت ایزدی اپنا کام کرتی رہتی ہے۔ اور سچے طالبان حق ایک ایک دو دو کر کے اور پھر جماعتوں کی صورت میں شمع حق کے گرد پروانہ وار جمع ہوتے جاتے ہیں۔ اور زیادہ دیر نہیں گزرتی کہ وہ مامور ربانی جو ابھی چند ماہ یا چند سال یکہ و تنہا اس مشن کو لے کر کھڑا ہوا تھا وہ ایثار پیشہ اور جاں فروشوں کی ایک بڑی جماعت کے درمیان کھڑا دکھائی دیتا ہے جو اس کی آواز پر لبیک کہتے اور اس کے ہر حکم کی تعمیل کرنا اپنی انتہائی سعادت یقین کرتے ہیں۔ اور اس کے پسینہ کی جگہ خون بہانا فخر جانتے ہیں۔ مقدس برگزیدہ رسول ان سے ایسا پیار کرتا ہے کہ جیسا کسی ماں نے اپنے بچہ سے نہ کیا ہوگا۔ اور وہ اپنے رسول پر اپنی جانوں کو اس طرح چھڑکتے ہیں جس پر آسمان کے فرشتے بھی تحسین و آفرین پیش کرتے ہیں۔ غرض نبی کی آمد کے ساتھ چشم فلک وہ نظارہ دیکھتی ہے جو صدیوں اس نے نہ دیکھا تھا۔

## نبی کی وفات

نبی کی تربیت یافتہ جماعت اپنے عاشقانہ ولولہ اور والہانہ انداز کے ماتحت یہ تصور بھی نہیں کرتی۔ کہ خدا کا نبی ایک دن وفات پا جائے گا۔ اور انہیں داغ مفارقت دے جائے گا۔ لیکن نبی آخر انسان ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے غیر متبدل قانون کے ماتحت آخر ایک دن اسے موت کا وہ گھونٹ پینا پڑتا ہے۔ جو تمام آدم زادوں کے لئے ابتدا سے مقدر ہے۔ اس سانحہ ہوش ربا کے وقوع پذیر ہونے پر ایک زلزلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اور مومنوں کی جماعت کو یوں محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ بے سہارا رہ گئے ہیں۔ اور ان پر یتیمی کی حالت طاری ہو گئی ہے۔ ایسے موقعہ پر کچھ کمزور طبائع ڈگمگا جاتی ہیں۔ اور ان سے کمزوری کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ اور دشمن بھی سر نکال لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اب یہ گلشن روحانیت تباہ و برباد ہو جائے گا اس باغ کے باغبان کی وفات کے بعد کون اس کے پودوں کی غور و پرداخت کرے گا یہ اب جلدی مرجھا کر خشک ہو جائیں گے دشمن بھی اس خام خیالی میں مبتلا ہوتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا زبردست ہاتھ نبی کی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ قدرت ثانیہ کے ذریعہ سے پریشان دلوں کو تقویت اور تمکنت عطا فرماتا ہے۔ یعنے اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے مطابق اس جماعت میں سلسلہ خلافت جاری فرماتا ہے۔

## خلافت کی حقیقت

خلافت نیابت اور قائمقامی کو کہتے ہیں۔ اور خلافت میں ایک اقتدار پایا جاتا ہے نبی اس وقت کھڑا ہوتا ہے جب بظاہر اس کے ساتھ روئے زمین پر ایک فرد بھی نہیں ہوتا۔ مگر خلیفہ اسی وقت برپا ہوتا ہے جب اس کے ساتھ نبی کی تیار کردہ پاکبازوں کی ایک منظّم جماعت ہوتی ہے۔ اس لئے خلافت کے ساتھ روز اول سے ہی مددگاروں کا حزب اللہ ہوتا ہے۔ باوجود اس اقتدار کے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے خلافت کا کمال نیابت میں ہی ہے۔ ہاں اس نیابت کے فرائض کی ادائیگی کے لئے اقتدار بطور آلہ کے ہوتا ہے اصل مقصود نہیں ہوتا۔ اصل مقصود خلافت سے ان روحانی انوار اور آسمانی کرنوں کو دیرپا اور وسیع تر بنانا ہوتا ہے۔ جو نبی کے وجود باجود کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہیں۔ اگر سلسلہ خلافت نہ ہوتا تو نبی کی موت دین اور اس کے مشن کی موت ہوتی۔ مگر اللہ تعالیٰ کبھی ایسا نہیں کرتا۔ ایسا کرنا اس کی حکمت کے خلاف ہے۔ نبی صرف جسمانی طور پر وفات پاتا یا اس جہان سے انتقال کرتا ہے روحانی طور پر اس کی برکات جاری و ساری رہتی ہیں۔ اور اس کے مشن کی نمائندگی کرنے والے خلفاء ہوتے ہیں۔ یوں تو نبی کی جماعت کا ہر فرد اپنے اپنے رنگ میں ان انوار کا حامل ہوتا ہے۔ جو نبی کے ذریعہ سے دنیا پر ظاہر ہوئے تھے۔ لیکن جب نبی کی وفات کے وقت مومنوں کے گداز دل اکٹھے ہو کر امر الٰہی کے ماتحت جماعت کے نظام کو قائم رکھنے اور نبی کے دین کے نفاذ اور اس کی پوری قائمقامی کے لئے اپنے میں سے سب سے زیادہ پارسا اور متقی وجود کو منتخب کرتے ہیں۔ تو اس انتخاب کو آسمانی تائید حاصل ہوتی ہے۔ اور خدا تعالیٰ مومنوں کے دلوں پر خود القا فرماتا ہے۔ اور وہ ایسے وجود کو منتخب کرتے ہیں۔ جو اپنے وقت میں نبی کی سب سے بڑھ کر نیابت کرنے والا ہوتا ہے۔ اسے اسی لئے خلیفہ کہا جاتا ہے کہ وہ نبی کی روشنی کو زیادہ سے زیادہ وسیع علاقے میں پھیلاتا ہے۔ اور دشمنان دین کے سامنے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسی طرح سینہ سپر ہوتا ہے۔ جس طرح نبی ہوتا ہے۔ وہ خدائی احکام کے نافذ کرنے کے لئے اس طرح غیرت مند ہوتا ہے۔ جس طرح نبی ہوتا ہے۔ غرض تمام روحانی اور انتظامی کیفیات میں خلافت نبوت کا پرتو ہوتی ہے۔ اور خلیفہ نبی کا جانشین۔

## نبی اور خلیفہ کا مقام

نبی خدا کا مامور ہوتا ہے خلیفہ مامور نہیں ہوتا۔ نبی کا انتخاب براہ راست خدائی انتخاب ہوتا ہے۔ اور خلیفہ کا انتخاب مومنوں کے واسطہ سے خدائی انتخاب ہوتا ہے۔ نبی آغاز میں اکیلا کھڑا ہوتا ہے۔ خلیفہ کے ساتھ پہلے دن سے ہی مومنوں کی جماعت ہوتی ہے۔ نبی اپنی عظیم ذمہ داریوں کے باعث اصل اور بنیاد ہوتا ہے۔ خلیفہ اپنے وسیع فرائض کے مطابق نبی کے مشن کی تکمیل کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ جس طرح انبیاء علیہم السلام کی خارق عادت نصرت فرماتا ہے۔ اسی طرح خلفاء کو بھی اللہ تعالیٰ کی خاص تائید حاصل ہوتی ہے اور وہ اس کی نصرتوں کے موید ہوتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ نبوت اور خلافت اللہ تعالیٰ کے دینی نظام کے دو لازم و ملزوم شعبے ہیں۔ خدائی بادشاہت کی دو تجلیاں ہیں۔ اور روحانی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ جو لوگ نبوت کا انکار کرتے ہیں وہ خلافت کی نعمت سے بھی بے بہرہ رہتے ہیں۔ اور جو لوگ خلافت کے منکر ہوتے ہیں۔ وہ نبوت کے روحانی ثمرات سے بھی محروم اور آسمانی بادشاہت کی عظیم تجلی سے بھی بے نصیب رہ جاتے ہیں۔ محض اقتدار نہ کبھی نبوت کا نصب العین ہوا ہے۔ اور نہ خلافت کا مطلوب قرار پایا ہے۔ درحقیقت یہ دونوں نعمتیں خالص آسمانی

﴿باقی صفحہ 5 پر﴾

# خلفاء احمدیت کے آنحضرت ﷺ سے عشق و محبت کے انداز اور نمونے

## حضرت مسیح موعود آنحضرتؐ سے بہت محبت رکھتے تھے اور آپ کے خلفاء کا عشق رسولؐ انہی کے فیض کا نتیجہ ہے

مکرم حافظ محمد ظفراللہ صاحب

آنحضرت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تو کہہ دے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔ آپ خود بھی فرماتے ہیں: کہ تم میں سے کوئی بھی حقیقی مومن نہیں بن سکتا جب تک کہ میں اس کے نفس اور اس کے گھر والوں سے بھی زیادہ اسے محبوب نہ ہو جاؤں اور جیسا کہ اس آیت اور حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول کریم ﷺ کی محبت اور اللہ تعالیٰ کی محبت دراصل ایک ہی ہیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی کامل اطاعت کے نتیجہ میں جن انعامات کا ذکر ملتا ہے اگر کوئی وجود ان میں سے کسی انعام کا حامل ہو جائے تو منطقی دلیل کے تحت یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ پاک وجود اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے عشق میں نہاں اور سچا اطاعت گزار ہے۔ پس ہمارے نہایت پیارے خلفاء احمدیت کے عشق رسول ﷺ کی اس سے بڑھ کر اور کیا گواہی ہو سکتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ حضرت اقدس مسیح موعود آنحضرتؐ کے سچے عاشق تھے۔ آپ کے خلفاء کا عشق بھی دراصل آپؐ کے فیض سے ہی ہے۔

## حضرت خلیفۃ المسیح الاول

قدرت ثانیہ کے مظہر اول حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے عشق رسول ﷺ سے کون نا آشنا ہے۔ آپ کے قول و فعل سے رسول کریم ﷺ کی سنت کی اتباع جھلکتی ہے۔ کیا سفر، کیا حضر، کیا محفل، کیا تنہائی سب ہی جگہ تو دست با کار دل بایار ہوتا تھا۔ آپ آنحضرت ﷺ کے عشق میں ڈوبے ہوئے الفاظ میں فرماتے ہیں:۔

''مجھے اللہ تعالیٰ کے محض فضل سے رسول اللہ ﷺ سے محبت ہے اور آپ کی عظمت کا علم بھی مجھے دیا گیا ہے''۔

اس زمانہ کے امام یعنی حضرت اقدس مسیح موعود سے بڑھ کر کسے ایک شخص کی پہچان ہو سکتی ہے۔ آپ کو بھی حضرت مولوی نورالدین صاحب کے عشق رسول سے آگاہی تھی۔ چنانچہ ایک ہندو نے جب دین حق قبول کیا تو حضرت مسیح موعود نے حضرت مولوی صاحب کو ارشاد فرمایا کہ مولوی صاحب آپ اسے دین کی تلقین کریں۔ حضرت مسیح موعود بھی اگر اپنے بعد کسی کو اس لائق سمجھتے تھے تو وہ ہمارے پیارے حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب بھیروی ہیں۔

پھر سچی محبت اور سچے عشق میں محبوب سے تعلق رکھنے والی ہر چیز محبوب ہو جاتی ہے۔ ایک دفعہ عربی زبان سیکھنے کا ذکر آیا۔ حضرت نے فرمایا:

''لوگ کہتے ہیں عربی سے کیا ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں عربی سے قرآن شریف آتا ہے۔ عربی سے محمد رسول اللہ ﷺ کی باتیں سمجھ میں آتی ہیں۔ عربی سے ابوبکرؓ و عمرؓ و تبع تابعین کی قدر کو پہچانا جاتا ہے''۔

ایک اور جگہ فرمایا:

''میں اکثر اوقات...... بے اختیار نبی کریم ﷺ پر درود بھیجا کرتا ہوں''۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی زندگی کا ہر لحظہ، ہر ساعت، ہر دن، ہر ہفتہ، ہر مہینہ، ہر سال غرضیکہ ساری کی ساری زندگی نبی کریم ﷺ کی پاک سنت کی اتباع میں گزری۔

## حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

اب خاکسار حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی کا ذکر کرتا ہے جو حضرت اقدس مسیح موعود کے موعود فرزند اور مصلح عالم تھے۔ آپ کو تو محبت رسول گویا گھٹی میں ملی۔ جس گھر میں آنکھ کھلی اور گھر میں ہر سو عشق رسول کی باتیں اور محبت الٰہی کے نظارے تھے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

......محمد ﷺ کی محبت میرے اندر کس طرح سرایت کر گئی ہے۔ وہ میری جان ہے، میرا دل ہے، میری مراد ہے، میرا مطلوب ہے اس کی غلامی میرے لئے عزت کا باعث ہے اور اس کی کفش برداری مجھے تخت شاہی سے بڑھ کر معلوم دیتی ہے اس کے گھر کی جاروب کشی کے مقابلہ میں بادشاہت ہفت اقلیم ہیچ ہے۔ وہ خدا تعالیٰ کا پیارا ہے پھر میں کیوں اس سے پیار نہ کروں وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے پھر میں اس سے کیوں محبت نہ کروں، وہ خدا تعالیٰ کا مقرب ہے پھر میں کیوں اس کا قرب نہ تلاش کروں''۔

(سوانح فضل عمر جلد 5 ص 362)

پھر فرماتے ہیں:۔

میری ساری خوشی اسی میں ہے کہ میری خاک محمد رسول اللہ ﷺ کی کھیتی میں کھاد کے طور پر کام آجائے اور اللہ تعالیٰ مجھ پر راضی ہو جائے اور میرا خاتمہ رسول کریمؐ کے دین کے قیام کی کوشش پر ہو''۔

(الموعود صفحہ 67,66)

پھر آپ اپنی تقریر آنحضرتؐ اور امن عالم میں بیان فرماتے ہیں:۔

دو سال کے قریب کی بات ہے میں کراچی گیا تو وہاں ایک دن کچھ ایسی ہوا چلی جو عرب کی طرف سے آرہی تھی معاً اس ہوا نے میرے دل میں ایک حرکت پیدا کر دی اور میں نے کہا یہ ہوا ادھر سے آرہی ہے جہاں رسول کریم ﷺ رہا کرتے تھے۔ پھر میں انہی خیالات میں محو ہو گیا اور اس وقت آپ ہی آپ ایک دو شعر میری زبان پر جاری ہو گئے جن کو اسی وقت میں نے لکھ لیا۔ ان اشعار میں سادہ الفاظ میں اپنے جذبات کا میں نے اظہار کیا ہے، شاعرانہ تعلیاں نہیں۔ بعد میں چونکہ میں اور کاموں میں مصروف ہو گیا اس لئے میں نے جس قدر اشعار کہے تھے۔ اسی قدر رہے اور ان میں اضافہ نہ ہو سکا۔ بہر حال جب وہ ہوا آئی تو میں نے کہا۔

سمندر سے ہوائیں آ رہی ہیں
مرے دل کو بہت گرما رہی ہیں
عرب جو ہے مرے دلبر کا مسکن
بوئے خوش اس کی لے کر آ رہی ہیں
بشارت دینے سب خورد و کلاں کو
اچھلتی کودتی وہ جا رہی ہیں

(انوار العلوم جلد 15 ص 191)

## حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

جب ہم حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی ذات بابرکات کی طرف نظر دوڑاتے ہیں۔ تو آپ بھی عشق نبوی ﷺ میں فنا نظر آتے ہیں۔ آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے اس قدر محبت تھی کہ چھوٹی سے چھوٹی بات میں بھی آپ کے اسوہ کی پیروی فرماتے۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

یہ جمعہ اور اس کے بعد کا جو جمعہ ہے وہ جلسہ کے جمعے ہیں۔ جلسہ سالانہ کے مہمان ہمارے لئے خوشیوں اور برکتوں کے سامان لے کر آنے شروع ہو گئے ہیں۔ حضرت نبی اکرم ﷺ کے متعلق احادیث میں بیان ہوا ہے کہ آپ ہمیشہ مسکراتے رہتے تھے (-) گویا مسکرانا سنت نبوی ہے۔ اسی واسطے میں نے پہلے بھی متعدد بار کہا ہے کہ مجھے بھی اور مجھ سے پہلوں کو بھی بڑے مصائب اور پریشانیوں میں سے گزرنا پڑتا رہا ہے۔ مگر ہماری مسکراہٹ کوئی نہیں چھین سکا۔ جب جماعت نسبتاً چھوٹی تھی۔ اس چھوٹی سی جماعت کو بھی اور اب جبکہ جماعت نسبتاً بڑی ہو گئی ہے (دنیا کے لحاظ سے تو یہ اب بھی چھوٹی ہے) اس نسبتاً بڑی جماعت کو بہت سی پریشانیوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ ہماری مخالفتیں ہوتی ہیں۔ ہمیں تنگ کیا جاتا ہے اور قتل کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ ہمارے خلاف منصوبے باندھے جاتے ہیں۔

(خطبات ناصر جلد چہارم ص 571)

دست با کار دل بایار کی ایک نمایاں مثال آپ کی سیرت میں یوں بیان ہوئی ہے کہ کسی صاحب نے آپ کی کوٹھی پر متعین پٹھان چوکیدار یا ملازم سے آپ کے شب و روز کے بارے میں پوچھا تو وہ کہنے لگے کہ آپ کا کیا پوچھتے ہیں۔ آپ تو سارا دن کام کر کے سخت تھک جاتے ہیں رات گئے تک کام کرتے رہتے ہیں اور پھر ڈرائنگ روم میں تہجد ادا کرتے ہیں اور مناجات کرنے اور خدا تعالیٰ کے حضور گڑگڑانے کی آوازیں باہر تک آتی ہیں۔ ذکر الٰہی کی آپ کو شروع سے ہی عادت تھی۔ اکثر اوقات آپ ایک طرف کاغذات پر دستخط فرما رہے ہوتے اور دوسری طرف دل میں خدا تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کر رہے ہوتے اور اس کے پاک رسول محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود و سلام بھیج رہے ہوتے۔ چنانچہ ایک مرتبہ اس امر کا اظہار آپ نے خلافت کے دوران ایک جلسہ سالانہ پر بھی کیا تھا اور فرمایا تھا کہ آپ نے ایک بار پاس کھڑے ہوئے ہیڈ کلرک جنید ہاشمی صاحب کو بھی تحریک کی تھی کہ وہ کاغذات لے کر کھڑے ہیں اور دستخطوں کے دوران وہ بھی ذکر الٰہی کریں۔ (حیات ناصر ص 217)

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

اب ہم قدرت ثانیہ کے چوتھے مظہر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی سیرت طیبہ میں سے کچھ فیض حاصل کرتے ہیں۔

آپ کے نبی کریم ﷺ سے عشق پر ان الفاظ سے بڑھ کر اور کیا گواہی ہو سکتی ہے کہ فرمایا

''جب آنحضرت ﷺ کی بعثت ہوئی تو ساری دنیا کی کل قیمت ایک وجود یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے مقابل پر آپؐ کی جوتی کی خاک کے برابر بھی نہیں تھی۔ وہ ایک ہی وجود تھا جو اس دنیا میں خدا کا قائمقام تھا اور وہ ایک ہی وجود تھا جس کی خاطر ساری کائنات کو قربان کر دیا جاتا تو عرش الٰہی میں ایک ذرا سا بھی ارتعاش پیدا نہ ہوتا۔

آپ کا آنحضرت ﷺ سے عشق کا انداز ہی نرالا تھا۔ کبھی تو آپ جذباتی کیفیت میں (-) نبی کریم ﷺ کی سیرت کے پہلوؤں کی طرف توجہ دلاتے دکھائی دیتے ہیں تو کبھی فرط جذبات اور شدت عشق

کے باعث آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے ہیں۔ بارہا آپ کی آواز اس نبی امی ﷺ کی سیرت بیان کرتے ہوئے بھرا جاتی تھی۔ آپ تو گویا عشق رسول میں اپنی ذات کو محو کر چکے تھے۔ چنانچہ جب حمدیہ کلام علیک الصلوٰۃ علیک السلام جلسہ سالانہ کے موقع پر پڑھا گیا تو آپ نہایت وارفتگی کے عالم میں نبی کریم ﷺ پر یہ درود گنگناتے رہے۔

اپنی تقریر نبی کریم ﷺ کی قوت قدسیہ میں آپ فرماتے ہیں:۔

وہی ہمارا آقا ہمارے دل و جاں سے زیادہ پیارا آقا جس کا جمال جمال خداوندی کے بعد اپنی ہر شان میں بے مثال تھا۔ وہ جس کے عکس رخ کی تاثیر سے چہروں کے نقوش جلد جلد اپنی ہیئت بدلنے لگتے تھے اور دیکھتے دیکھتے جمال کے قالب میں ڈھل جاتے تھے۔ وہ حسینان عالم کو شرمندہ کرنے والے حسن جس کے مقابل پر حسن یوسف کی شمع بے نور دکھائی دینے لگی اور جس کے پرتو نے ہزاروں چہروں کو حسن یوسف عطا کیا۔ دنیا ومافیہا اس پر نثار، جان و دل اس پر فدا ہوں اس کے تو ذکر سے روح اعتزاز کرتی ہے اور جان فدا ہونے کو بے قابو ہوئی جاتی ہے۔ اے میرے آقا! سن کہ بے اختیار دل کی پنہائیاں تجھے پکارتی ہیں کہ

اے شاہ مکی و مدنی، سید الوریٰ
تجھ سا مجھے عزیز نہیں کوئی دوسرا
تیرا غلام در ہوں، ترا ہی اسیر عشق
تو میرا بھی حبیب ہے، محبوب کبریا
تیرے جلو میں ہی مرا اٹھتا ہے ہر قدم
چلتا ہوں خاک پا کو تری چومتا ہوا
تو میرے دل کا نور ہے اے جان آرزو
روشن تجھی سے آنکھ ہے اے نیر ہدیٰ
ہیں جان و جسم سو تری گلیوں پہ ہیں نثار
اولاد ہے سو وہ ترے قدموں پہ ہے فدا
تو وہ کہ میرے دل سے جگر تک اتر گیا
میں وہ کہ میرا کوئی نہیں ہے ترے سوا

ان تمام باتوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ عشق محمدیؐ کا جام دراصل حضرت مسیح موعود کے فیض سے ہے۔

ایک موقع پر آپ نے فرمایا:

آنحضورؐ کی ان حسین اداؤں پر جب نظر پڑتی ہے تو دل سینے میں اچھلتا اور فریفتہ ہونے لگتا ہے اور بے اختیار دل سے یہ آواز اٹھتی ہے کہ ہماری جانیں ہمارے اموال ہماری اولادیں تیرے قدموں کے نثار، ان گلیوں کے نثار جو خوش بختی سے تیرے قدم چھوتی تھیں۔ اے اللہ کے رسول! تجھ پر لاکھوں درود اور کروڑوں سلام! اے وہ کہ جس کے حسن و احسان کا سمندر بے کنار اور اتھاہ اور لافانی ہے۔ اے اللہ کے رسول! تجھ پر لاکھوں درود اور کروڑوں سلام۔ زمین و آسمان کے واحد و یگانہ خدا کی قسم! زمین و آسمان میں اس کی تمام مخلوق میں تو واحد و یگانہ ہے۔ تجھ سا نہ کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا۔

(غزوات النبیؐ میں خلق عظیم غزوہ احد 1979ء۔ تقاریر جلسہ سالانہ قبل از خلافت ص366)

پھر فرمایا:۔

وہ جو ساری دنیا کی روحوں کو بچانے کے لئے آیا تھا جس نے ہم سب کی روحوں کو بچایا ہے۔ ہم اور ہمارے باپ دادے اور ہماری نسلیں ہمیشہ اس کی غلامی میں جھکی رہیں تب بھی اس کے احسانات کا بدلہ نہیں ادا کر سکتیں۔ وہ نور کامل جس نے بنی نوع انسان کو اندھیروں سے نکالا اور روشنی عطا کی وہ جو سب دنیا کا محسن بنا اور محسن رہے گا، وہ جس کے در پر ایک نہ ایک دن ساری بنی نوع انسان لازماً حاضر ہوگی اور اس کی توفیق سے اور اس کے واسطے سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں رشد و ہدایت پائے گی۔ صرف ایک روح کے بچنے پر اس پیکر رحمت کے دل کی یہ کیفیت ہے اور اس پر اظہار شکر کا یہ عالم ہے کہ بار بار کہتے ہیں الحمد للہ، الحمد للہ خدا نے مجھے ایک روح کو بچانے کی توفیق عطا فرمائی اور بچنے کے بعد اس بچے کو وقت کون سا میسر آیا؟ بس کلمہ پڑھا اور دنیا سے رخصت ہو گیا۔ صرف اتنی سی ہدایت تھی۔ صرف ایک لمحہ کی ہدایت تھی لیکن اس پر آنحضور ﷺ عبد شکور بنتے ہوئے اپنے رب کے حضور جھک جاتے ہیں۔

یہ ہیں ہمارے آقا و مولا سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جن کی غلامی کا ہم نے دعویٰ کیا ہے۔ آپؐ ہیں بصیرتوں کے منبع اور ماویٰ اور مجمع۔ اب آپؐ سے سارے نور پھوٹیں گے جو خدا کی طرف لے جائیں گے۔ (خطبات طاہر جلد اول ص101,100)

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس

## ایدہ اللہ

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز عجز وانکسار، متانت، شفقت اور حسن کے پیکر ہیں۔ مگر جب آپ کے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات کے بارے میں مسیحی دنیا کا سب سے اعلیٰ عہدیدار گستاخی کا مرتکب ہوتا ہے تو یہی خدا کا شیر علی الاعلان للکارتا ہے اور ان کی تعلیمات کا آئینہ سامنے رکھتے ہوئے اسے باور کراتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے متعلق اس کا بیان غیر حقیقی ہے۔ حقیقی عشق کی تاثیر دیکھئے کہ چند ہی دن بعد وہ دنیا بھر کے سامنے اپنے بیان پر معذرت کرتا ہے۔

پھر یہی کچھ ڈنمارک میں آنحضرت ﷺ کے بارے میں شائع ہونے والے گستاخانہ خاکوں کے وقت ہوا۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات اور آپ کی راہنمائی میں مذکورہ اخبار کو ملنے والے وفد کی کوششوں سے بالآخر اس اخبار نے حقیقی دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے معذرت کر لی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ذات سے رسول کریم ﷺ کا عشق جھلکتا ہے۔ آپ کے گفتار و کردار، تفکر، تدبر، تقریر، تحریر، گویا ہر پہلو سے آپ کی ذات میں ایک ہی ذات کی پیروی دکھائی دیتی ہے اور اسی کی طرف آپ ہمہ وقت جماعت کی راہنمائی فرماتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کی تاکید کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:۔

پس یہ آگ ہے جو ہر احمدی نے اپنے دل میں لگانی ہے اور اپنے درد کو دعاؤں میں ڈھالنا ہے۔ لیکن اس کے لئے پھر وسیلہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہی بننا ہے۔ اپنی دعاؤں کی قبولیت کے لئے اور اللہ تعالیٰ کے پیار کو کھینچنے کے لئے دنیا کی لغویات سے بچنے کے لئے اس قسم کے جو فتنے اٹھتے ہیں ان سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لئے آنحضرت ﷺ کی محبت کو دلوں میں سلگتا رکھنے کے لئے، اپنی دنیا و آخرت سنوارنے کے لئے، آنحضرت ﷺ پر بیشمار درود بھیجنا چاہئے۔ کثرت سے درود بھیجنا چاہئے۔ اس پُرفتن زمانے میں اپنے آپ کو آنحضرت ﷺ کی محبت میں ڈبوئے رکھنے کے لئے اپنی نسلوں کو احمدیت (-) پر قائم رکھنے کے لئے ہر احمدی کو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی سختی سے پابندی کرنی چاہئے کہ (-) (الاحزاب: 57) کہ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم بھی اس پر درود اور سلام بھیجا کرو کیونکہ اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر رحمت بھیجتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا بلکہ اس کے تو کئی حوالے ہیں کہ مجھ پر تو اللہ اور اس کے فرشتوں کا درود بھیجنا ہی کافی ہے تمہیں جو حکم ہے وہ تمہیں محفوظ رکھنے کے لئے ہے۔

(بحوالہ تفسیر درمنثور جلد 5 تفسیر سورۃ الاحزاب آیت 57 ص 411 ص 199)

پس ہمیں اپنی دعاؤں کی قبولیت کے لئے اس درود کی ضرورت ہے۔ باقی اس آیت اور اس حدیث کا جو پہلا حصہ ہے اس سے اس بات کی ضمانت مل گئی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے مقام کو گرانے اور استہزاء کی چاہے یہ لوگ جتنی مرضی کوشش کر لیں اللہ اور اس کے فرشتے جو آپ پر سلامتی بھیج رہے ہیں ان کی سلامتی کی دعا سے مخالف کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ آنحضرت ﷺ کی ذات بابرکات پر حملوں سے ان کو کبھی کچھ حاصل نہیں ہو سکتا اور (-) نے ترقی کرنی ہے اور دنیا پر غالب آنا ہے اور تمام دنیا پر آنحضرت ﷺ کا جھنڈا لہرانا ہے۔ (خطبات مسرور جلد 4 ص 87)

میں اپنے مضمون کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے اس ارشاد پر ختم کرتا ہوں جو ہر احمدی کے دل کی دھڑکن ہے کیونکہ یہی ہمارا ایمان اور یہی ہماری تعلیم ہے جو خلفاء احمدیت کے ذریعہ ہمارے جسموں کے ذرے ذرے کا حصہ بن چکی ہے۔

حضور فرماتے ہیں:۔

کوئی پرواہ نہیں جتنے سر کٹتے ہیں کٹیں گے لیکن قرآن اور محمد مصطفیٰ ﷺ سے جماعت کو کوئی دنیا کی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔

(خطبات طاہر جلد 3 ص 234)

پھر ایک اور مقام پر فرمایا:

خدا تعالیٰ کی عظمت کی قسم کھا کر ہم کہتے ہیں خدا کے جتنے بھی مقدس نام ہیں ان سب ناموں کی قسم کھا کر کہتے ہیں، ان ناموں کی بھی جو دنیا کو معلوم ہیں اور ان مقدس ناموں کی بھی جن کی کنہ اور جن کی انتہا کا کسی کو کوئی علم نہیں کہ ہم حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے سر سے پاؤں تک عاشق ہیں، آپؐ کے قدموں کی خاک کے بھی عاشق ہیں۔ اس زندگی پر ہم لعنت بھیجتے ہیں جو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے تعلق سے عاری ہو۔

(خطبات طاہر جلد 3 ص 728)

☆......☆......☆

بقیہ۔ نبوت اور خلافت کی حقیقت از صفحہ 3

اور روحانی ہیں البتہ جب جب اور جس جس قدر اقتدار نبوت کو حاصل ہوا یا خلافت کے شامل حال ہوا تو اسے ہمیشہ روحانی زندگی کے استوار کرنے اور دین کی بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لئے استعمال کیا گیا۔ اور یہی وہ نقطہ ہے جہاں پر آخر خلافت عام حکومت یا مطلق خلافت سے ممتاز نظر آتی ہے۔

## خلافت کو دائمی بنانے کا طریق

پس خلافت اللہ تعالیٰ ہی کا وہ انعام ہے جو نبی کی جماعت کو نبی کی وفات کے صدمہ پر ان کے دلوں کی تسکین اور طمانیت کے لئے دیا جاتا ہے۔ دین کی اشاعت کا اسے ذریعہ بنایا جاتا ہے۔ اور اہل ایمان کی شیرازہ بندی کا اسے وسیلہ ٹھہرایا جاتا ہے اس نعمت کی قدر کرنا اور اسے دیرپا اور دائمی بنانا مومنوں کا فرض ہے۔ خدائی قانون یہی ہے کہ جس نعمت کی قدر کی جائے اس کا شکریہ ادا کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے لمبا کرتا ہے اور اسے وسیع تر بناتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں سے ایک بہت بڑا فضل یہ ہے کہ اس نے جماعت احمدیہ کو نعمت خلافت سے نوازا ہے۔ اور ہمیں اس کی برکات سے بہرہ ور فرمایا ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس احسان کو ہمیشہ یاد رکھیں اور اس کی قدر کریں اور اس کی روحانی برکات سے کامل طور پر مستفید اور متمتع ہوں۔

(روزنامہ الفضل 26 مئی 1959ء)

☆......☆......☆

مکرم جلال الدین شاد صاحب

# خلیفہ وقت کے منہ سے نکلے الفاظ کی تائید الٰہی

یہ واقعہ جون 1978ء کا ہے جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے قصر صلیب کانفرنس لندن میں شرکت کرنا تھی۔ حضور کی روانگی سے قبل خاکسار حضرت اقدس کی خدمت میں ربوہ میں حاضر ہوا اور دوران ملاقات عرض کیا حضور خاکسار بھی کسر صلیب کانفرنس میں شرکت کرنا چاہتا ہے خاکسار کو بھی اپنے وفد کے ساتھ جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ حضرت اقدس نے نہایت شفقت سے فرمایا جو وہاں جائے گا وہ میرے وفد میں شامل سمجھا جائے گا۔ چنانچہ حضرت اقدس مغرب کے دورہ پر تشریف لے گئے۔

خاکسار مئی کے آخر میں لندن جانے کے لئے جہاز پر سوار ہوا اس وقت جہاز کراچی سے لندن روانہ ہوتے تھے۔ لاہور سے خاکسار کراچی گیا وہاں سے KLM کی فلائٹ سے لندن کے لئے روانہ ہوا۔ KLM کی پرواز کراچی سے ایمسٹرڈم جاتی تھی وہاں سے لندن کے لئے برٹش ایئر لائینز کی پرواز چلتی تھی، کچھ مسافر ایمسٹرڈم اتر گئے لیکن لندن جانے والے مسافر ہوائی اڈہ پر ہی رہے۔ خاکسار بھی وہاں ٹھہرا رہا۔ ایک گھنٹے کے بعد برٹش ایئر لائینز کی پرواز لندن کے لئے روانہ ہونی تھی۔ تمام مسافر دوسرے جہاز میں سوار ہوئے خاکسار بھی اس جہاز میں سوار ہوا جب وہاں اپنی سیٹ پر بیٹھنے لگا تو افریقہ کے مربی مکرم رفیق احمد صاحب ثاقب وہاں خاکسار کو ملے اور خاکسار کو بتایا کہ حضرت صاحب بھی اسی جہاز میں ابھی ابھی سوار ہوئے ہیں اور یہ بھی بتایا کہ وہ اعلیٰ درجہ کی کلاس میں تشریف فرما ہیں۔ چنانچہ خاکسار کے استفسار پر انہوں نے بتایا کہ ان کے پرائیویٹ سیکرٹری صاحب بھی ساتھ والی سیٹ پر آرہے ہیں۔ چنانچہ وہ تشریف لے آئے خاکسار نے حضرت صاحب سے ملانے کی ان سے درخواست کی انہوں نے کہا کہ ابھی حضرت صاحب مصروف ہیں کچھ دیر کے بعد ہو سکتا ہے مل سکیں۔ خاکسار حضرت صاحب کو ملنے کے لئے بہت بے تاب تھا اور حضرت صاحب کے وہ الفاظ یاد کر کے کہ جو لندن جائے گا وہ میرے قافلے میں شامل سمجھا جائے گا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر رہا تھا کہ آج حضرت صاحب کے منہ مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کس شان کے ساتھ پورے ہوئے ہیں کہ خاکسار بھی حضرت صاحب کے قافلے میں شامل ہو کر ان کے ساتھ لندن جا رہا ہے۔ خاکسار نے موقع پاتے ہی سیدھے حضرت صاحب کے پاس پہنچنے کے لئے دوڑ لگا دی اور حضرت صاحب کے پاس پہنچ گیا السلام علیکم عرض کیا۔ حضرت صاحب نے دیکھتے ہی فرمایا آپ پہنچ گئے ہیں خاکسار نے عرض کیا حضور کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ آج کس شان سے پورے ہوئے ہیں۔ حضرت صاحب مسکرا رہے تھے ساتھ انناس کا جوس پی رہے تھے حضرت صاحب کے پاس کچھ وقت ٹھہرنے کے بعد خاکسار واپس اپنی سیٹ پر پہنچ گیا اور محترم ملک رفیق احمد صاحب ثاقب کو سارا واقعہ سنایا وہ بھی بہت خوش ہوئے۔ آج تک جب وہ خاکسار کو ملتے ہیں یہ واقعہ یاد کر کے ہم دونوں بہت مسرور ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیشہ ہمیں خلیفہ وقت کے ساتھ وفا کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے اور خلیفۂ وقت کی دعائیں ہمیشہ ہمارے ساتھ رہیں۔ آمین

## خلعت نہ اتارنا

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ سے فرمایا:۔

یقیناً اللہ تعالیٰ تجھے ایک قمیص پہنائے گا اور اگر منافقین تجھ سے اس قمیص کے اتارنے کا مطالبہ کریں تو اسے ہرگز نہ اتارنا یہاں تک کہ تم مجھ سے آن ملو۔ یہ بات رسول اللہؐ نے تین دفعہ فرمائی۔

(مسند احمد۔ حدیث نمبر 23427)


گارڈر سریا، ٹی آئرن، پلاسٹک رنگ وروغن، دروازے
چوہدری آئرن سٹور
بیرون غلہ منڈی۔ سرگودھا: 0483713984
طالب دعا: محمود احمد: 0300-9605517

HAROON'S
Shop No.8 Block A
Super Market, Islamabad.
Ph: 2275734, 2829886, 2873874

فروٹ اینڈ ویجیٹیبل کمیشن ایجنٹس
YI ٹریڈ مارک
طالب دعا: محمد رزاق، محمد یعقوب، محمد الیاس
دکان 142، سیکٹر آئی الیون فور، ہول سیل ویجیٹیبل مارکیٹ۔ اسلام آباد
Shop:4441379, Off:4438142-3 Res:4842723
رزاق: 0300-9724010 الیاس: 0300-5282738

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز
گولبازار ربوہ
میاں غلام مرتضیٰ محمود
فون دکان: 047-6215747 فون رہائش: 047-6211649

زرعی وسکنی جائیداد کی خرید وفروخت کا با اعتماد ادارہ
الحمد پراپرٹی سینٹر
اقصیٰ روڈ ربوہ
پروپرائٹر: محمد نواز احمد ورک
موبائل: 0301-7963055
دفتر: 6215751 رہائش 047-6214228

دلہن جیولرز
Mob:0300-4742974
TEL:042-6684032
Mob: 0300-9491442
طالب دعا: قدیر احمد، حفیظ احمد
Gold Palace Plaza, Shop # 1, Defence Chowk,
Main Boulevard Defence Society, Lahore Cantt.

محمد یعقوب، محمد یوسف
MY سبزی فروٹ کمیشن ایجنٹس
طالب دعا: شاہد محمود، عامر شہزاد، آصف مسعود، حسن نوید
ہول سیل ویجیٹیبل مارکیٹ 142 شاپ، 4-11/آئی۔ اسلام آباد
فون آفس: 4443262-4446849 فون رہائش: 4842026-4844366

CNG
الفیصل سی این جی سٹیشن
چیف ایگزیکٹو: محمد یوسف
ٹیپو روڈ نزد موتی محل سینما راولپنڈی
فون آفس: 5502667-5960422 موبائل: 0300-8543530

AL MAHMOOD TRADERS
Deals in Paper & Textile Chemicals
General order supplier
Nasir Mahmood Khan & Muhammad Mahmood Khan
217-B Faisal Town Lahore
Tell#042-5161073
Cell#03004342917,03218483828

ARSHARD CAR A.C
Auto Electric Service Car Air Conditioning Fitting, Service, Fuel & Temperature Gauges Specialist

27/1 Link jail Road Lahore 042-7574148-7583314

ہر قسم کے ماربل سلیب۔ کچن کاؤنٹر ٹائل، کیمیکل پالش کیلئے
MARBLES
سٹار ماربل انڈسٹریز
پلاٹ 42-40 سٹریٹ 10 سیکٹر آئی نائن انڈسٹریل ایریا اسلام آباد
فون آفس: 051-4431121-4432047
طالب دعا: شیخ جمیل احمد اینڈ سنز

Deals in HRC,CRC,EG,P&O,Sheets &Coil
JK STEEL
6-D Madina Steel Sheet Market
Landa Bazar, Lahore
PH:0092-42-7656300-7642369-7381738 Fax:7659996
Talb-E-Duaa: Kamal Nasir, Jamal Nasir

عرصہ دراز سے آپ کی خدمت میں کوشاں
قمر جیولرز
پروپرائٹر: الحاج میاں قمر احمد یادگار روڈ ربوہ
03007705077-0476213589

اعلیٰ معیار کا رائٹنگ، پرنٹنگ، آفسٹ اور پیکنگ کا کاغذ دستیاب ہے
فالکن ٹریڈنگ کارپوریشن
الفیصل پلازہ۔ بنگالی گلی گنپت روڈ لاہور
Email:omertiss@shoa-net
فون آفس: 042-7230801 7210154
طالب دعا: ملک منور احمد سنکوہی، ملک مبشر احمد سنکوہی





Applied Systems
Engineers, Indentors & Contractors
Working a step ahead in environmental & services sector
قیمتی زندگی کی حفاظت کریں۔ بے شمار بیماریوں کا حل
OZONE WATER PURIFIER آپ کی صحت کی مکمل ضمانت
اب گھر بیٹھے بنائیں پینے کے پانی کو صاف اور جراثیموں سے پاک
نہ فلٹر بدلنے کا جھنجھٹ نہ پیسوں کا ضیاع آدھے پیسے سے بھی کم خرچ
546-D1-V, Township, Lahore - Pakistan. Ph#+92-42-5124399
Fax#+92-42-5883464 Cell#+92-300-8425987, 301-4433402
Email: appsys@wol.net.pk www.appliedsystems.com.pk

# حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے بیان فرمودہ

# پُرحکمت اقوال، زریں ارشادات

## جسے شرح صدر حاصل ہوجائے

(i) شرح صدروالے کواللہ پرایمان ہوتاہے۔
(ii) وہ اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتاہے۔
(iii) ذکرکرتاہے۔
(iv) بہادرہوتاہے۔
(v) آنکھ فضول کی طرف اورکان لغو کی طرف نہیں جاتے۔
(vi) اس کی دوستی اوردشمنی اللہ کے واسطے ہوتی ہے۔
(vii) اسے اپنے واسطے کوئی فکرنہیں ہوتا۔
(viii) وہ مخلوق پراحسان کرتاہے۔
(ix) داناہوتاہے۔
(x) کثرت غذااورکثرت نیند سے مبّراہوتاہے۔

(الحکم 10 مئی 1903ء ص12)

## بڑا بدبخت کون ہے؟

تین قسم کے لوگ بڑے ہی بدقسمت اور بدبخت ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ سے پناہ اور دعا مانگنی چاہئے کہ ان میں داخل ہونے سے بچائے۔

**اول۔** وہ شخص بڑا ہی بدبخت ہے جس کو علم ہو اورعمل نہ ہو یہ قرآن شریف کی اصلاح میں ضال کہلاتاہے۔

**دوم۔** وہ شخص بڑا ہی بدقسمت ہے جو اپنے گناہوں اور بدکاریوں کو اچھا سمجھتا ہے (اس کے اعمال اس کو اچھے کرکے دکھائے گئے)

**سوم۔** جوگری ہوئی خواہشوں کا متبع ہو۔

(الحکم 17 جولائی 1903ء ص3)

## غفلت سے کیسے بچے؟

اللہ تعالیٰ سے غافل کرنے والے امور کا نام قرآن شریف میں لھو ہے پس مومن کا کام یہ ہے کہ جس کام سے، جن مکانات میں، جس لباس سے، جس خوراک سے، جس مجلس میں بیٹھنے سے انسان کو اللہ تعالیٰ سے غفلت پیدا ہواس سے ہجرت کرے اور یہی اسی کا علاج ہے۔

(الحکم 10 اگست 1903ء ص14)

## اللہ کی رضا کے حصول کا ایک نسخہ

رضاءالٰہی حاصل کرنے کا ایک نسخہ میں بتاتا ہوں

**اول۔** زبان عرب سے آگاہی پیدا کرو۔تاکہ قرآن شریف کی سمجھ حاصل ہو۔

**دوم۔** پھرقرآن شریف کے احکام کے سمجھنے کے واسطے رسول اکرم ﷺ کی سنت سے آگاہی حاصل کرنا۔

**سوم۔** بعدازاں کسی مزکی کے پاس رہنا کونوا مع الصدقین پرعمل کرنا۔

(الحکم 10 اگست 1903ء ص14)

## سب سے بہتر شخص

سب سے بہتر شخص وہ ہے جس میں تین باتیں ہوں۔

اول۔ دعوت الی اللہ، اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت کرنا
دوم۔ عمل صالح۔ دین ودنیا میں سنوار کے کام کرنا
سوم۔ بلند آواز سے کہہ دے اوراپنے عمل سے دکھادے کہ میں بڑا سچافرمانبردار ہوں۔

(الحکم 31 اگست 1903ء ص15)

## اجل مسمّٰی تک پہنچنے کا طریق

یوخرکم الیٰ اجل مسمّٰی پرغورکرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا غضب انسان کواس کی اجل مسمّٰی سے پہلے ہلاک کردیتا ہے یعنی قبل از وقت موت آجاتی ہے لیکن اعمال صالحہ سے بلائیں اور وبائیں ٹل جاتی ہیں۔

(الحکم 30 ستمبر 1903ء ص4)

## کسی کی بری حالت کو دیکھ کر کونسی دعا کی جائے؟

کسی کی حالت بد کو دیکھ کراس کوحقارت کی نظر سے مت دیکھو بلکہ دعا کروکہ الحمدللہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ و فضّلنی علی کثیر ممن خلق تفضیلاً ورنہ یادرکھو کہ انسان نہیں مرتا جب تک اسی مصیبت میں خود مبتلا نہ ہولے۔

(الحکم 30 ستمبر 1903ء ص4)

## اللہ کی تسبیح اور تنزیہہ تین طرح سے ہوتی ہے

مومن کا کام ہے کہ وہ اپنے رب کے اسماء کی تنزیہہ کرتا ہےاوروہ تین طرح سے ہوتی ہے۔

**اول۔** اللہ تعالیٰ پر بعض لوگ بدظنی کرتے ہیں اوراپنے اوپر نیک ظن کرتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے کوشش تو بہت کی مگر ہماری محنت کا ثمرہ نہ ملا۔ یہ بدظنی چھوڑ دو۔

**دوم۔** اپنے چال چلن سے خداتعالیٰ کی صفات کی عزت اورحرمت کرو۔

**سوم۔** اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی پر کوئی اعتراض کرے تواس کو جواب دو۔

(الحکم 30 ستمبر 1903ء ص4)

## ذکر الٰہی کی برکت

ذکرالٰہی سے قویٰ مضبوط ہوجاتے ہیں حتیٰ کہ بوڑھے جوان ہوجاتے ہیں اوراس امر کا ثبوت قرآن شریف ہی سے ملتا ہے حضرت زکریا نے اپنی کمزوری کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کا علاج یہی بتایا ہے کہ تم ذکر الٰہی کرواور تین روزتک کسی سے کلام نہ کروچنانچہ انہوں نے اس پرعمل کیا اور خدانے جیتی جاگتی اولاد عطا فرمائی۔

حدیث شریف میں ذکر ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے ایک خادمہ مانگی آپؐ نے فرمایا ہرنماز کے بعد 33 مرتبہ سبحان اللہ، الحمدللہ اوراللہ اکبر پڑھ لیا کرواورسوتی دفعہ بھی۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیااور وہ ضرورت محسوس نہ ہوئی۔

(الحکم 30 ستمبر 1903ء ص4)

## خود نیک بنو تا کہ اولاد نیک ہو

انسان کے نطفہ میں عادات، اخلاق، کمالات کا اثر ہوتا ہے۔ والدین کے ایک ایک برس کے خیالات کا اثران کی اولاد پر ہوتا ہے۔ جتنی بداخلاقیاں بچوں میں ہوتی ہیں وہ والدین کے اخلاق کا عکس اوراثر ہوتا ہے۔ کبھی ہم نشینوں اور ملنے والوں کے خیالات کا اثر بھی والدین کے واسطے سے پڑتا ہے پس خودنیک بنو اخلاق فاضلہ حاصل کروتا تمہاری اولاد نیک ہوالولد سرلابیہ میں یہی تمہید ہے۔ اولادوالدین کے اخلاق اعمال عقائد کا آئینہ ہوتی ہے۔

(الحکم 17 اکتوبر 1903ء ص3)

## دو امان

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ قول مجھے بہت ہی پیارا معلوم ہوتا ہے کہ آسمان سے دوامان نازل ہوئے تھے۔ ایک توان میں سے اٹھ گیا یعنی رسول اللہ ﷺ کا وجود باجود مگر دوسری امان قیامت تک باقی ہے اوروہ استغفار ہے پس استغفار کرتے رہا کرو کہ پچھلی برائیوں کے بدنتائج سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے اور آئندہ بدیوں کی زہر کو دور کرے اور گناہوں سے بچائے۔

(الحکم 17 اکتوبر 1903ء ص3)

## قوّال نہیں فعّال

9 جنوری 1904ء کو قادیان سے دومعزز مہمان رخصت ہونے والے تھے وہ حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب کی خدمت میں بغرض ملاقات حاضر ہوئے۔ ان میں سے ایک صاحب نے کہا۔

"آپ کی باتیں بھی بہت ہی دلچسپ اور مزیدار ہیں"

اس پر حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب نے فرمایا

"میں قوّال کی نسبت فعّال کو پسند کرتا ہوں" یعنی بہت کہنے والے کے مقابلہ میں کرنے والے کو ترجیح دیتا ہوں" (الحکم 17 جنوری 1904ء ص4)

## تلاوت کا اصل مقصد

قرآن شریف کے ساتھ عشق ومحبت کے اتنے ہی معنے نہیں ہیں کہ ایک عمدہ قرآن شریف لے کراس کی سونے کی جدول بنا کر اور عمدہ جلد کرا کے ایک ریشمی غلاف میں بند کرکے ایک کھونٹی کے ساتھ لٹکا دیا اور کبھی اسے کھول کر بھی نہ دیکھا کہ اس میں کیا لکھا ہے یا اگر کھول کر دیکھا بھی تو اس کی غرض صرف اس قدر سمجھ لی کہ اس کی معمولی تلاوت کافی ہے۔ اگر کوئی شخص اس قدر سمجھتا ہے تو وہ سخت غلطی کھاتا ہے او وہ قرآن شریف کی عزت اور عظمت کا حق ادا نہیں کرتا اور نہ اس کی تلاوت کے اصل مقصد کو پاتا ہے یادرکھو تلاوت کا اصل مقصد قرآن شریف پرعمل کرنا ہے اگرکوئی عمل نہیں کرتا اور عملدرآمد کے واسطے اسے نہیں پڑھتا تو اسے کچھ بھی فائدہ اس تعظیم سے نہیں ہوگا۔

(الحکم 10 اپریل 1904ء ص18)

## ذلّت برداشت نہیں

ایک دفعہ میرے ایک دوست نے مجھ سے سوال کیا کہ جب ہم دوزخ سے سزا پاکر بہشت میں چلے جائیں گے تو کیا حرج ہے کہ کچھ وقت کے لئے اس عذاب کو برداشت کرلیں اور پھر بہشت میں چلے جائیں۔ میں نے اس کو جواب دیا کہ ہم اس وقت ایک بازار میں چلے جاتے ہیں اور یہاں ہمارا واقف بھی کوئی نہیں میں تمہیں دو روپیہ نذر دیتا ہوں مجھے سر پر دو جوت لگا لینے دو تو وہ ڈر گیا کہ یہ کہیں ایسا نہ کر بیٹھے اور کہا کہ دیکھنا کہیں ایسی حرکت نہ کر بیٹھنا پس میں نے کہا کہ:

دیکھو یہاں تم کو دوروپیہ بھی ملتے ہیں اور کوئی ہمارا شناسا بھی نہیں ہے تو تم صرف دو جوت کو پسند نہیں کرتے پھر کیا وجہ ہے کہ اس ذلت کو تم ساری دنیا کے سامنے پسند کرو گے پس یہ شہادت تو تمہاری اپنی فطرت میں موجود ہے۔

(الحکم 24 جنوری 1905ء ص10)

## رخصتوں کے فوائد

☆ رخصت قانون قدرت میں لازمی ہے مثلاً دن کے بعد رات ہی آجاتی ہے جو آرام کرنے کا وقت ہے۔ رخصت میں استاد لڑکوں کو کام دے کر تمیز کر لیتا ہے کہ کون بڑا محنتی اور شوقین ہے اور کون بے شوق۔

☆ رخصت میں طالب علم کو خود اپنے آپ کے امتحان کا موقعہ ملتا ہے کہ جب اس پر کوئی نگران نہیں اس وقت وہ اپنے نفس پر حکومت کر سکتا ہے یا نہیں۔

☆ یہ ایک عام قاعدہ ہے کہ جس چیز سے تعلق رہے اس سے پیار اور جس سے بے تعلقی ہو اس سے کوئی دلچسپی نہیں رہتی اسی طرح جب طالب علم والدین سے مدت تک الگ رہتا ہے تو ان کے تعلق میں فتور آنے لگتا ہے۔ رخصتوں میں ان تعلقات کو زیادہ تازہ کرنے کا موقعہ ملتا ہے اور پھر ایک نیا تعلق شروع ہوتا ہے اور والدین کو معلوم ہو جاتا ہے کہ سکول کا اثر ان کے بچوں پر کیا ہوا۔

☆ مدرسہ کی پابندیوں کی وجہ سے تم انسانوں کی نماز پڑھتے ہو یا محض خدا کی یہ پتا بھی ان رخصتوں میں ملتا ہے والدین اگر بے نماز ہوں یا سست ہوں تو ان کو اپنی نماز کی پابندی کا نمونہ دکھا کر ہوشیار کرنے کا موقعہ ملتا ہے اور اگر ہوشیار ہیں تو ان کو خوش کرنے کا اور ان سے بڑھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔

(الحکم 17 جون 1903ء ص 20)

## اولاد تمہیں کندن بنا دیتی ہے

انما اموالکم و اولادکم فتنہ۔ فتنہ کے میں یہ معنے کیا کرتا ہوں کہ تمہارا مال اور تمہاری اولاد تمہیں کندن بنا دیتی ہے خدا تعالیٰ کا کوئی فعل عبث اور بیہودہ نہیں ہوتا بلکہ انسان ہی کی بہتری اور بہبودی کے واسطے ہوتا ہے اس لئے اولاد اور مال بھی انسان کو کندن بنا دیتا ہے ان کی خبرگیری۔ احتیاط سلوک وغیرہ سے اس کی اخلاقی قوتوں کا نشوونما ہوتا ہے لیکن جس شخص کو ایسا موقعہ حاصل نہیں وہ ان اخلاق فاضلہ کو کیسے سیکھ سکتا ہے۔

(الحکم 24 جون 1903ء ص 5)

## نیکی کے رنگ میں شیطان کا حملہ

شیطان کبھی کبھی نیکی کے رنگ میں بھی انسان کو ہلاکت میں ڈال دیتا ہے ایسے اوراد اور وظائف بتائے جاتے ہیں کہ انسان باجماعت نماز سے رہ جاتا ہے پس انسان کو اپنی نیکیوں کا گھمنڈ اور غرور نہیں کرنا چاہئے اور چونکہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے مختلف قویٰ دیئے ہیں اس لئے جو بات اس کو نہیں دی گئی اس کو چاہئے کہ وہ دوسروں سے لے کر اس کا فائدہ اٹھائے اور اس میں اپنی کسر شان نہ سمجھے۔

(الحکم 24 جون 1903ء ص 5)

## گناہ سے بچنے کے دو بڑے گر

گناہ سے بچنے کے دو بڑے گر ہمیشہ یاد رکھو

**اول۔** ہر وقت دل میں یقین کرو کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال دیکھتا اور جانتا ہے۔

**دوم۔** اللہ تعالیٰ کی اس صفت پر ایمان لاؤ واللہ مخرج .......... یعنی جو گناہ ہم پوشیدہ ہو کر کریں گے اللہ تعالیٰ اسے ظاہر کر دے گا۔

(الحکم 24 جون 1903ء ص 5)

## تین زبانیں ضرور سیکھو

انسان کو تین زبانیں سیکھنی لازم ہیں

**اول۔** دین کی زبان

**دوم۔** ملک کے شرفاء کی زبان

**سوم۔** حاکم وقت کی زبان

(الحکم 10 جون 1903ء ص 4)

## تکبر کا پتہ کن مواقع پر لگتا ہے

**اول۔** لڑکیوں کے لینے یا دینے میں

**دوم۔** بحث مباحثہ کے وقت یا اگر مخالفت میں کوئی شخص اسے سخت یا سست کہے۔

**سوم۔** غیر قوموں کے تعلقات سے۔

(الحکم 10 جون 1903ء ص 4)

## کتابوں کے مطالعہ میں احتیاط کی ضرورت

قرآن شریف جیسی پاک کتاب کے ابتدا اور انتہا میں بھی اعوذ پڑھنے کا حکم ہے تو باقی لوگوں کی بنائی ہوئی کتابوں کو بطریق اولیٰ پہلے استخارہ کر کے پڑھنا چاہئے۔

(الحکم 10 جون 1903ء ص 3)

## درود شریف پڑھنے کے مواقع

(i) (بیت الذکر) میں آتے اور جاتے وقت

(ii) جہاں اور جب رسول اکرم ﷺ کا نام یا تذکرہ آئے

(iii) ہر دعا کے اول و آخر میں

(iv) نمازوں میں

(v) جمعرات اور جمعہ کو اکثر وقت

(الحکم 10 جون 1903ء ص 3)

## گنہگاروں کی اقسام

**اول۔** قسم گنہگاروں کی وہ ہے کہ وہ غافل ہوتے ہیں ان کو خبر ہی نہیں ہوتی کہ وہ گناہ کرتے ہیں۔

**دوم۔** گناہ کرتے ہیں مگر بعد میں اضطراب، تضرع، زاری، خوف الٰہی رونما اور چلانا ہوتا ہے ایسے گنہگار تائب ہوتے ہیں۔

**سوم۔** گنہگاروں کی وہ قسم ہے کہ وہ غافل بھی نہیں ہوتے گناہ بھی کرتے ہیں کوئی اضطراب اور گھبراہٹ بھی نہیں ہوتی بلکہ وہ حیلے بناتے ہیں اور بہانہ کرتے ہیں ایسے لوگ محروم ہوتے ہیں۔ پس اپنا مطالعہ کرو۔ (الحکم 31 مئی 1903ء ص 3)

## دو قسم کا لباس

لباس دو قسم کا ہوتا ہے ایک ظاہری دوسرا باطنی ظاہر لباس زیب و زینت اور ستر اور دوسرے مفاد کے لئے ہوتا ہے باطنی لباس عمدہ اخلاق ہیں اور اخلاق کے یہ اصول ہیں استقلال، ہمت بلند، جود و سخا، عفت، حلم و بردباری۔ قناعت وغیرہ۔ لباس التقویٰ اعلیٰ درجہ کے عقائد ہوتے ہیں۔ اموال کو عمدہ موقعوں پر خرچ کرے۔ عسر و یسر میں قدم آگے بڑھائے۔

(الحکم 24 مئی 1903ء ص 8)

## غم سے بچنے کے ذریعے

غم سے بچنے کے تین بڑے اسباب ہیں:

**اول۔** اس امر کا یقین کرے کہ جو دکھ اور تکلیف آتی ہے وہ شامت اعمال سے آتی ہے اور اس میں الٰہی حکمت ہوتی ہے۔

**دوم۔** کسی دکھ کے آنے سے پہلے یعنی ہمیشہ ہی ذکر الٰہی کرتا رہے اور اپنے گناہوں کے برے نتائج سے حفاظت طلب کرتا رہے۔

**سوم۔** صادقین اور خدا تعالیٰ کے پیاروں کی صحبت میں رہے۔

(الحکم 24 مئی 1903ء ص 8)

## خدا تیرے ساتھ ہے

قلبِ گداز و ذہنِ رسا تیرے ساتھ ہے
تائید ایزدی کی ضیا تیرے ساتھ ہے

تجھ پر نثار کیفِ نگاہ و سرور دل
محبوب دو جہاں کی دعا تیرے ساتھ ہے

سینہ ترا امین ہے قرآں کے نور کا
روحانیت کا آبِ بقا تیرے ساتھ ہے

اہلِ فرنگ دیکھ کے تجھ کو پکاریں گے
تو ہے خدا کے ساتھ خدا تیرے ساتھ ہے

کیوں ہوں نہ ہر قدم پہ نچھاور بشارتیں
...... کے خدا کی رضا تیرے ساتھ ہے

جا بانٹ تشنہ کاموں میں دولت قرار کی
اپنی جلاء سے شان بڑھا دے بہار کی

ثاقب زیروی

مکرم مظفر احمد درانی صاحب

# برکاتِ خلافت

## قبولیت دعا، تمکنت دین اور خوف کے بعد امن کے حالات

اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے اس قدر محبت و پیار کرتا ہے کہ بنی نوع انسان کی رشد و ہدایت کے لئے انبیاء وخلفاء کو دنیا میں بھیجتا ہے تا کہ حسب ضرورت ان کی راہنمائی اور اصلاح کی جا سکے یہ سلسلۂ ہدایت ابتداءِ انسانیت سے جاری ہے اور عالم الغیب خدا جانتا ہے کہ کب تک اس انعام وفیض کے چشمے جاری و ساری رہیں گے۔

سورۃ النور:56 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تم میں سے ایمان لانے والوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو زمین میں خلیفہ بنا دے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنا دیا تھا۔ اور جو دین اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے وہ ان کے لئے اسے مضبوطی سے قائم کر دے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد وہ ان کے لئے امن کی حالت تبدیل کر دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے، کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔

## قیامِ خلافت

اللہ تعالیٰ کے مامورین کے آنے کے لئے بھی ایک موسم ہوتے ہیں اور پھر جانے کے لئے بھی ایک موسم۔ حضرت مسیح موعود بھی وقت پر احیاءِ دینِ حق کے لئے مبعوث ہوئے۔ آپ کے واپس جانے کا بھی ایک موسم تھا تا اللہ تعالیٰ دوسری قدرت کو دنیا میں بھیجتا۔ اس کے باوجود سو سال قبل 26 مئی 1908ء کا دن جماعت احمدیہ کے لئے بہت بھاری تھا۔ جب حضرت اقدس مسیح موعود اپنے مولا کے حضور حاضر ہو گئے۔ اس انتہائی آزمائش اور گہرے صدمے کے وقت تقدیرِ الٰہی نے 27 مئی 1908ء کے تاریخی دن مسیح موعود کے ہاتھوں قائم ہونے والی جماعت کو پیش گوئیوں کے مطابق خلافت کی نعمت سے نوازا۔ مومنوں کے غمزدہ دلوں کو سہارا دیا اور ترقی کی ایک نئی بنا ڈالی۔ خلافت کے قیام کے ذریعے وعدہ الٰہی کا پورا ہونا ہی سب سے پہلی برکت خلافت ہے۔

جس بات کو کہے کہ کروں گا یہ میں ضرور
ٹلتی نہیں وہ بات خدائی یہی تو ہے

## خدائی انتخاب

اللہ تعالیٰ نے خلیفہ کے انتخاب کو اپنے ہاتھ میں رکھا۔ چنانچہ حضرت مصلح موعود اس سلسلے میں اس برکت خلافت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

"اللہ تعالیٰ جس کو منصب خلافت پر سرفراز کرتا ہے اُس کی دعاؤں کی قبولیت بڑھا دیتا ہے کیونکہ اگر اس کی دعائیں قبول نہ ہوں تو پھر اس کے اپنے انتخاب کی ہتک ہوتی ہے"

(انوار العلوم جلد دوم صفحہ 47)

یعنی خلافت کی ایک عظیم الشان برکت یہ ہے کہ احباب جماعت کے حق میں خلفاء کی دعائیں قبول کی جاتی ہیں۔ چنانچہ چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

## زبان سے نکلتے ہی بخار اتر گیا

مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بیان کرتے ہیں کہ آپ فیروزپور، انڈیا میں تعینات تھے کہ ان کی بیوی کے ہاں ولادت کے بعد سخت بخار کا حملہ ہوا جو جان لیوا ثابت ہو سکتا تھا۔ آپ نے اپنی بیوی کو انتہائی تکلیف میں ہسپتال میں چھوڑا اور خود قادیان جا کر حضرت مصلح موعود کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔ اس وقت مکرم حافظ مختار احمد صاحب بھی حضور کے ہمراہ موجود تھے۔ حضور نے دعا کے بعد فرمایا مولوی صاحب جاؤ آج کے بعد آپ کی بیوی کو بخار نہ ہوگا باہر آ کر حافظ مختار احمد صاحب نے مولانا عبدالمالک خان صاحب سے فرمایا کہ جب حضور نے ارشاد فرمایا تھا تو میں نے گھڑی دیکھی تھی اس وقت پونے دس بجے تھے جس سے مجھے یقین ہے کہ آپ کی بیوی کا بخار پونے دس بجے اتر چکا ہے۔

آپ فیروزپور واپس آئے سیدھے ہسپتال گئے۔ انچارج انگریز لیڈی ڈاکٹر سے بیوی کا حال پوچھنے کی بجائے اسے بتانے لگے کہ میری بیوی کا بخار پونے دس بجے سے اتر چکا ہے۔ لیڈی ڈاکٹر حیران ہوئی کہ جسے اتنا خطرناک بخار تھا وہ مر تو سکتی ہے مگر اتنی جلدی اس کا بخار اتر نہیں سکتا۔ لیڈی ڈاکٹر کے پوچھنے پر مولوی صاحب نے بتایا کہ میں اپنے خلیفہ سے بیوی کے لئے دعا کروا کر آیا ہوں آپ نے پونے دس بجے اس طرح فرمایا تھا جس سے مجھے یقین ہے کہ اب میری بیوی ٹھیک ہے۔

دونوں اکٹھے وارڈ میں گئے مریضہ کا History Chart دیکھا تو اس پر درج تھا کہ مریضہ کا بخار ٹھیک 9 بجکر 45 منٹ پر اتر گیا تھا۔

## خدا کا خلیفہ ساری رات جاگتا رہا

خلیفۂ وقت کی صورت میں ایک شخص ہمارا درد رکھنے والا، ہم سے محبت کرنے والا، ہمارے دکھ کو اپنا دکھ سمجھنے والا، ہماری تکلیف کو اپنی تکلیف جاننے والا اور ہمارے لئے خدا کے حضور دعائیں کرنے والا نصیب ہوتا ہے۔

چودھری حاکم دین صاحب قادیان بورڈنگ کے ایک ملازم تھے ان کی بیوی کو پہلے بچے کی ولادت کے وقت سخت تکلیف تھی اسی کربناک حالت میں رات کے بارہ بجے انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اجازت ملنے پر زچگی کی تکلیف کا ذکر کر کے دعا کی درخواست کی۔ حضور اندر سے ایک کھجور لائے اور اس پر دعا کر کے فرمایا:۔

"یہ اپنی بیوی کو کھلا دیں اور جب بچہ ہو جائے تو مجھے بھی اطلاع دیں"

آپ نے نمازِ فجر پر حضور کو بتایا کہ آپ کی دعا سے رات کو جلد ہی بچی پیدا ہو گئی تھی۔ حضور نے فرمایا "میاں حاکم دین تم نے اپنی بیوی کو کھجور کھلا دی اور تمہاری بچی پیدا ہو گئی پھر تم اور تمہاری بیوی آرام سے سو گئے۔ مجھے بھی اطلاع کر دیتے، میں بھی آرام سے سو رہتا۔ میں تو ساری رات جاگتا رہا اور تمہاری بیوی کے لئے دعا کرتا رہا"

حاکم دین صاحب یہ واقعہ سناتے ہوئے رو پڑے اور کہا

**"کہاں چپڑاسی حاکم دین اور کہاں نورالدین اعظم۔"** (مبشرین احمد صفحہ 38)

اس کیفیت کو دیکھتے ہوئے مومنین کے ایمان وایقان میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اور وہ خدا کی ہستی کے زندہ گواہ بن جاتے ہیں۔

## یہ جہاز مجھے ضرور لے کر جائے گا

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کراچی میں تھے جب آپ کو حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث کی طرف سے پیغام ملا کہ فوری طور پر ڈھاکہ بنگلہ دیش روانہ ہو جائیں کیونکہ وہاں پر جماعتی حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ وہاں جا کر ان کی راہنمائی کریں۔ یاد رہے کہ اس وقت بنگلہ دیش پاکستان کا حصہ تھا۔ ڈھاکہ جانے کے لئے ہوائی جہاز کا پتہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ کوئی جگہ نہیں ہے چانس پر ٹکٹ حاصل کیا گیا۔ احباب کی تمام تر کوششوں کے باوجود جب کوئی سیٹ نہ مل سکی تو آپ کو مشورہ دیا گیا کہ آپ اگلے جہاز پر کچھ دن بعد ڈھاکہ چلے جائیں مگر حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے فرمایا کہ جب خدا کا خلیفہ مجھے فوراً ڈھاکہ جانے کا حکم دے رہا ہے تو میں کیونکر اس میں تاخیر کر سکتا ہوں۔ چنانچہ آپ اپنا سامان لے کر Air Port پہنچ گئے جبکہ سیٹ کنفرم نہیں تھی۔

کچھ دیر انتظار کے بعد Air Port کی انتظامیہ نے اعلان کر دیا کہ ڈھاکہ جانے والا جہاز روانگی کے لئے تیار ہے یہ سنتے پر تمام وہ لوگ جو چانس پر جانے کے لئے آئے ہوئے تھے مایوس ہو کر واپس چلے گئے۔ مگر حضرت میاں صاحب اس یقین کے ساتھ وہاں موجود رہے کہ یہ جہاز مجھے ضرور لے کر جائے گا۔ کیونکہ خلیفۂ وقت کا منشاء یہ ہے کہ میں فوراً ڈھاکہ جاؤں۔ چنانچہ آپ انتظار میں ہی تھے کہ اعلان کیا گیا کہ ڈھاکہ جانے والے جہاز میں ایک شخص کی جگہ خالی ہے اگر کسی مسافر کے پاس ٹکٹ ہے تو فوراً رپورٹ کرے۔ آپ نے فوراً پیش قدمی کی اور اسی جہاز میں ڈھاکہ روانہ ہوئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ایک ناممکن کام کو خلیفۂ وقت کی توجہ اور برکت سے ممکن بنا دیا۔

## حج کے لئے روانگی ممکن ہوگئی

مولانا عبد المالک خاں صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے بیان کیا کہ آپ کراچی میں بطور مربی تعینات تھے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایک صاحب کو آپ کے پاس اس پیغام کے ساتھ بھجوایا کہ ان صاحب کو حج پر بھجوانے کا انتظام کریں۔ ان دنوں حج پر جانے کے لئے بحری جہاز کے ذریعہ سفر کیا جاتا تھا۔ چنانچہ آپ متعلقہ دفتر میں حاضر ہوئے۔ اپنا مدعا بیان کیا تو آپ کو بتایا گیا کہ بحری جہاز کی تمام سیٹیں بک ہو چکی ہیں بلکہ بیس مسافر چانس پر بھی بکنگ کروا چکے ہیں۔ اس لئے درخواست دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے مکرم مولانا صاحب نے متعلقہ افسر سے درخواست کی کہ جیسے آپ پہلے بیس زائد درخواستیں لے چکے ہیں ایسے ہی ایک اور درخواست لے لیں۔

آپ کے اصرار پر جب آپ کے ساتھی کی حج پر جانے کی درخواست جمع ہو چکی تو آپ نے متعلقہ افسر کو بتایا کہ اس سال کوئی اور فرد حج پر جائے یا نہ جائے مگر یہ شخص ضرور حج پر جائے گا۔ کیونکہ اس کو حج پر بھجوانے کے لئے خلیفۂ وقت نے بھجوایا ہے۔ اگر آپ اس کو حج پر بھجوانے میں مدد دیں گے۔ تو خدا آپ کو بھی برکتوں

**نورتن جیولرز ربوہ**

فون گھر 6214214
فون دکان 047-6211971: 6216216

**فضل عمر ایگریکلچر فارم**

صابن دستی تحصیل ماتلی ضلع بدین
چوہدری عتیق احمد

Sarmad
Jewellers
different.like you...
Rizwan Aslam
0321-9463065
www.sarmadjewellers.com
Main Branch shop#4,Umer Market,Zaildar Road,Ichra,Lahore.
Tel:+92-42-7523145
Fax:+92-42-7567952

ابٹن نور۔ نور بیوٹی سوپ۔ پرس، بیگ، کاسمیٹکس
**رحمان** کون مہندی ر جنرل سٹور
بابر مارکیٹ مین بازار
سیالکوٹ
فون آفس: 092-52-4597058

New
**Mian Bhai**
10 Montgomery Road
Lahore -6 Pakistan
Deals in Suzuki Genuine Parts
PH:042-6313372-6313373

Woodsy... Furniture® Chiniot
فرنیچر جو آپ کے مکان کو گھر بنادے
Malik Center.Faisal Abad Road.
Tehseel Choak Chiniot. 92-47-6334620
Mobile:0300-7705233-300-7719510

چپ بورڈ، پلائی ووڈ، وینیر بورڈ، لیمینیشن بورڈ فلش ڈور، مولڈنگ، کیلئے تشریف لائیں۔
**فیصل پلائی ووڈ اینڈ ہارڈ ویئر سٹور**
145 فیروز پور روڈ جامعہ اشرفیہ لاہور
فون: 042-7563101 طالب دعا: فیصل خلیل خاں
موبائل: 0300-4201198 قیصر خلیل خاں

ڈیلر: سی آر سی شیٹ اور کوائل
**الرحیم سٹیل**
139۔ لوہا مارکیٹ
لنڈا بازار۔ لاہور
فون آفس: 042-7653853-7669818 فیکس: 042-7663786
Email:alraheemsteel@hotmail.com

**گریس فارما پاکستان**

مرغیوں اور حیوانات کی معیاری
امپورٹڈ ادویات کا مرکز
91-AII جوہر ٹاؤن لاہور 0300-8454327
www.icci.org.pk/icp/ basit@icpp.icci.org.pk

کراچی اور سنگاپور کے K-21 اور K-22 کے فینسی زیورات کا مرکز
**العمران جیولرز**
الطاف مارکیٹ
بازار کاٹھیاں والا
سیالکوٹ
فون شوروم: 052-4594674
موبائل: 0321-6141146
طالب دعا:۔ عمران مقصود

معیاری ادویات میں بااعتماد نام
نئی کاریں اور ویگن کرایہ پر دستیاب ہیں
**نیو الکیمسٹس ربوہ**
فون: 047-6211072

**FLEXIBLE CRYSTAL EMBLEMS**
Brand Identification Labels / Logos, Hologram Stickers,
Screen & Digital Printing, Gifts & Promotional Items
**GRAPHIC SIGNS**
34-A, Babar Block, New Garden Town, Lahore, Pakistan.
Ph: 5888833, 5888844, 5888855, Email: gspakistan@yahoo.com

اعلیٰ کوالٹی کے کپڑے اور بہترین سلائی کے لئے
**سپر ٹیلرز اینڈ سپر فیبرکس**
شاپ نمبر 1، بلاک 6بی
سپر مارکیٹ۔ اسلام آباد 44000۔ پاکستان
فون آفس: 2877085
فیکس: 92-51-2872856 Email: supertailors@hotmail.com

**KOHINOOR STEEL TRADERS**
166 LOHA MARKET LAHORE
Importers and Dealers Pakistan Steel
Deals in cold Rolled,Hot Rolled,Galvanized Sheets & Coils
Talib-e-Dua,Mian Mubarik Ali
Tel:7630055-7650490-91 Fax:7630088
Email : mianamjadiqbal@hotmail.com

**AHMED PACKAGES ADVERTISING AGENCY**
KARACHI,ISLAMABAD,LAHORE FAISALABAD,MULTAN,
Bahawalpur, Rawalpindi, Peshawar,Jehlum, Mirpur,Gujraat,
Reheemyar Khan, Gujranwala, Sialkot,Rabwah
051-5464412 0333 5206412-13 0346-4317275 047-6211021
AhmedPackages74@yahoo.com/ hotmail.com

**SHEIKH SONS**
31-32 Bank Square Market Model Town,
Lahore-54700, Pakistan
Tel: 042-5832127, 5832358Fax : 042-5834907
Web site: www.sheikhsons.com
Indentors, Suppliers & Contractors
1) Gas & Steam Turbines Spares
2)Boilers
3)Speciality Chemicals for Oil & Gas and Power Industry

**NCI**
Network
Consultants
& Integrators
555-A, Maulana Shoukat Ali Road, Faisal Town. Lahore
Tel:+92-42-5164287,5160186,Fax#+92-42-5164267
E-mail:qamar@nci.com.pk Mobile:0300-8416250

معیاری اور رعائتی خریداری کیلئے تشریف لائیں۔
ڈسٹری بیوٹرز:۔ فیلی گھی اینڈ کوکنگ آئل۔ کرن گھی اینڈ کوکنگ آئل۔ کینز گھی اینڈ کوکنگ آئل
کوہ نور سوپ اینڈ ڈٹرجنٹس، خیبر ماچس، کرسپو جولے، سیزن کینولہ آئل۔ نیز چاول دالیں و مصالحہ جات
مین بازار گوجر خان ضلع راولپنڈی
**محمد شفیق کریانہ سٹور**
گھر 0513-510842
فون دکان: 0513-511086
موبائل: 0300-9508024

**GALAXY TRAVEL SERVICES (PRIVATE) Ltd.**
Govt. Licence No. 207
IATA
CATERS FOR ALL YOUR TRAVEL NEEDS. HIGHLY TRAINED STAFF EQUIPPED WITH MOST MODERN COMPUTER RESERVATION SYSTEM READY TO SERVE YOU. DO CALL US.
Suite # 20 1st Floor Al-Hafeez view
Sir Syed Road Gulberg iii Lahore
Tel: 042-5774835-36-37 Fax: 042-5774838

سے نوازے گا۔

چنانچہ آپ مربی ہاؤس واپس آ کر روانگی کے دن کا انتظار کرنے لگے۔ روانگی کے دن آپ کو فون آیا کہ بحری جہاز روانہ ہونے میں ایک گھنٹہ باقی ہے ایک مسافر اچانک بیماری کے باعث سفر نہیں کر سکتا۔ چانس پر ٹکٹیں لینے والے دیگر لوگ دور ہیں اس لئے آپ کے لئے موقع ہے اگر ایک گھنٹے کے اندر اندر آپ اپنے ساتھی کو بندرگاہ پر لے آئیں تو وہ حج پر جاسکتا ہے آپ تو پہلے ہی اس یقین کے ساتھ تیار بیٹھے تھے کہ خلیفۂ وقت کا بھجوایا ہوا شخص ضرور حج پر جائے گا۔ چنانچہ آپ نے موصوف کو فوراً بندرگاہ پہنچایا۔ جو خلیفۂ وقت کی توجہ اور دعا کی وجہ سے حج کے لئے روانہ ہوگئے۔ جو کہ بظاہر ناممکن معلوم ہوتا تھا۔

## تمکنتِ دین

حضرت اقدس مسیح موعود نے ترقی احمدیت کا جو آغاز فرمایا۔ خلافت احمدیہ کے دور میں ان فتوحات کی داستان بڑی دلنشین اور ایمان افروز ہونے کے ساتھ ساتھ اتنی ہی پرشوکت اور پرعظمت بھی ہے۔

23 مارچ 1889ء کو جو قافلہ چالیس فدائیوں کے ساتھ روانہ ہوا تھا آج خلافت احمدیہ کے سو سال پورے ہونے پر اس راہ پر چلنے والوں کی تعداد بیس کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے جس میں ہر رنگ و نسل کے خوش نصیب شامل ہیں۔

☆جس کمزور جماعت کو قادیان کے اندر ہی دبا کر ختم کر دینے کا دعویٰ کیا گیا وہ آج دنیا کے 193 ممالک میں مضبوطی سے قائم ہو چکی ہے جس میں ہر طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام و خواص شامل ہیں۔

☆گزشتہ چودہ سو سال میں ساری دنیا کے تمام فرقوں اور حکومتوں نے مل کر جس قدر زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم کئے اس سے دوگنا زیادہ زبانوں میں تراجم خلفائے احمدیت کی راہنمائی میں جماعت احمدیہ کو صرف ایک سو سال میں پیش کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

☆خلافت کی برکت سے یورپ کے کئی ممالک میں سب سے پہلی بیت الذکر بنانے کی توفیق جماعت احمدیہ کو ملی۔

☆افریقہ کے ممالک میں دین حق کی تعلیمات کی اشاعت و ترویج کا سہرا جماعت احمدیہ کے سر ہے۔ جہاں نہ صرف خلفائے احمدیہ نے راہنمائی کی بلکہ خود حاضر ہو کر ان کی فلاح و بہبود کے سامان کئے۔

خلافت احمدیہ کی صورت میں اللہ کے اس عظیم انعام کو اب سو سال پورے ہو رہے ہیں۔ خدا گواہ ہے اور ہم اس کے حضور سجداتِ شکر بجالاتے ہوئے اقرار کرتے ہیں کہ سو سالوں کا ایک ایک دن شاہد ہے کہ خلافت احمدیہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے دین حق کو وہ عظمت و تمکنت اور عالمگیر ترقی عطا فرمائی جو ایک جاری و ساری اور زندہ و تابندہ معجزہ کا رنگ رکھتی ہے۔

## خوف کے بعد امن کا قیام

آیتِ استخلاف میں خلافت کی ایک اور بڑی برکت ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا۔ بیان کی گئی ہے یعنی خلافت والی جماعت کے خلاف خوف و ہراس پھیلایا جائے گا۔ دشمنوں کی طرف سے انہیں ڈرایا اور دھمکایا جائے گا مگر خلافت کی برکت سے ہر خوف امن میں بدلتا رہے گا۔

1908ء میں جب خود مسیح موعود اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ یہ حالت خوف امن میں بدلی اس کے علاوہ پرآشوب سالوں میں احمدیوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ اسیرانِ راہ مولیٰ نے مسکراتے ہوئے اپنی ہتھکڑیوں اور بیڑیوں کو چوما۔ ان تمام سالوں میں مصائب و آلام کے مُہیب سائے جماعت کے سر پر منڈلاتے رہے۔ مگر قربان جائیں خدائے خلافت پر جس نے ہر دکھ کو سکھ میں، ہر خوف کو امن میں اور ہر موت کی دھمکی کو زندگی کی نوید میں بدل دیا۔ مخالفین کے مقدر میں ناکامیوں پر ناکامیاں لکھی گئیں۔ لیکن کاروانِ احمدیت اتباع خلافت میں آگے ہی آگے بڑھتا رہا۔ خلافت کے بابرکت سائے میں دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرتا رہا۔

تمہیں مٹانے کا زعم لے کر اٹھے ہیں جو خاک کے بگولے
خدا اڑا دے گا خاک ان کی، کرے گا رسوائے عام کہنا

اس سلسلے میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا۔

''آئندہ بھی مخالفت ضرور ہوگی اس سے کوئی انکار نہیں ہے...... اس مخالفت کے بعد جو وسیع پیمانے پر اگلی مخالفت مجھے نظر آ رہی ہے وہ ایک دو حکومتوں کا قصہ نہیں اس میں بڑی بڑی حکومتیں مل کر جماعت کو مٹانے کی سازشیں کریں گی...... میں آئندہ آنے والے خلفاء کو خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم بھی حوصلے رکھنا اور میری طرح ہمت و صبر کے مظاہرے کرنا اور دنیا کی کسی طاقت سے خوف نہیں کھانا۔ وہ خدا جو ادنیٰ مخالفتوں کو مٹانے والا خدا ہے۔ وہ آئندہ آنے والی زیادہ قوی مخالفتوں کو بھی چکنا چور کر کے رکھ دے گا۔ اور دنیا سے ان کا نشان مٹا دے گا۔ جماعت احمدیہ نے بہرحال فتح کے بعد ایک اور فتح کی منزل میں داخل ہونا ہے۔ دنیا کی کوئی طاقت اس تقدیر کو بہرحال بدل نہیں سکتی۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ:

''پس اگر آپ نے ترقی کرنی ہے اور دنیا پر غالب آنا ہے تو میری آپ کو یہی نصیحت ہے اور میرا یہی پیغام ہے کہ آپ خلافت سے وابستہ ہو جائیں۔ اس حبل اللہ کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ ہماری ساری ترقیات کا دارومدار خلافت سے وابستگی میں پنہاں ہے''

''جب تک آپ کی عقلیں اور تدبیریں خلافت کے ماتحت رہیں گی اور آپ اپنے امام کے پیچھے پیچھے اس کے اشاروں پر چلتے رہیں گے اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت آپ کو حاصل رہے گی۔''

(الفضل 30 جولائی 2003)

سیدنا حضرت مصلح موعود نے فیصلہ کن انداز میں فرمایا۔

''تم خوب یاد رکھو کہ تمہاری تمام ترقیات خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ اور جس دن تم نے اس کو نہ سمجھا اور اسے قائم نہ رکھا تو وہی دن تمہاری ہلاکت اور تباہی کا دن ہوگا۔ لیکن اگر تم اس حقیقت کو سمجھے رہو گے اور اسے قائم رکھو گے تو پھر اگر ساری دنیا مل کر بھی تمہیں ہلاک کرنا چاہے گی تو نہیں کر سکے گی۔''

(درس القرآن ص 73)

''اے دوستو! میری آخری نصیحت یہی ہے کہ سب برکتیں خلافت میں ہیں نبوت ایک بیج ہوتی ہے جس کے بعد خلافت اس کی تاثیر کو دنیا میں پھیلا دیتی ہے۔ تم خلافتِ حقہ کو مضبوطی سے پکڑو۔ اور اس کی برکات سے دنیا کو متمتع کرو۔''

(الفضل 20 جولائی 1959ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے خلافتِ احمدیہ کے پچاس سال پورے ہونے پر خدام سے 1959ء کے اجتماع کے موقعہ پر ایک عہد لیا اور فرمایا یہ عہد متواتر چار صدیوں بلکہ چار ہزار سال تک جماعت کے نوجوانوں سے لیتے جائیں۔ اس عہد کے الفاظ یوں ہیں کہ

''ہم اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم نظام خلافت کی حفاظت اور اس کے استحکام کے لئے آخر دم تک جدوجہد کرتے رہیں گے اور اپنی اولاد در اولاد کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے اور اس کی برکات سے مستفیض ہونے کی تلقین کرتے رہیں گے۔ تاکہ قیامت تک خلافتِ احمدیہ محفوظ چلی جائے ...... اے خدا تو ہمیں اس عہد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرما۔''

(الفضل 28 اکتوبر 1959ء)

سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 27 مئی 2008ء کو صد سالہ جلسہ یوم خلافت سے ولولہ انگیز خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

''پس آج مَیں معمولی تبدیلی کے ساتھ اس صد سالہ جوبلی کے حوالے سے آپ سے بھی یہ عہد لیتا ہوں تاکہ ہمارے عمل زمانے کی دُوری کے باوجود ہمیں حضرت مسیح موعود کی تعلیم اور اللہ کے حکموں اور اسوہ سے دور لے جانے والے نہ ہوں بلکہ ہر دن ہمیں اللہ تعالیٰ کے وعدے کی قدر کرنے والا بنائے۔ پس اس حوالے سے اب میں عہد لوں گا۔ آپ سے میری درخواست ہے کہ آپ بھی جو یہاں موجود ہیں احباب بھی کھڑے ہو جائیں اور خواتین بھی کھڑی ہو جائیں، دنیا میں موجود لوگ جو جمع ہیں وہ سب بھی کھڑے ہو کر یہ عہد دہرائیں (تشہد کے بعد فرمایا)

آج خلافت احمدیہ کے سو سال پورے ہونے پر ہم اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم ......اور احمدیت کی اشاعت اور ......کا نام دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے لئے اپنی زندگیوں کے آخری لمحات تک کوشش کرتے چلے جائیں گے اور اس مقدس فریضہ کی تکمیل کے لئے ہمیشہ اپنی زندگیاں خدا اور اس کے رسول ﷺ کے لئے وقف رکھیں گے۔ اور ہر بڑی سے بڑی قربانی پیش کر کے قیامت تک ...... کے جھنڈے کو دنیا کے ہر ملک میں اونچا رکھیں گے۔

ہم اس بات کا بھی اقرار کرتے ہیں کہ ہم نظام خلافت کی حفاظت اور اس کے استحکام کے لئے آخری دم تک جدوجہد کرتے رہیں گے اور اپنی اولاد در اولاد کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے اور اس کی برکات سے مستفیض ہونے کی تلقین کرتے رہیں گے۔ تاکہ قیامت تک خلافت احمدیہ محفوظ چلی جائے ......اے خدا تو ہمیں اس عہد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اللھم آمین

پس اے مسیح موعود کے غلامو! آپ کے درخت وجود کی سرسبز شاخو! میں امید کرتا ہوں کہ اس عہد نے آپ کے اندر ایک نیا جوش اور ایک نیا ولولہ پیدا کیا ہوگا۔ شکرگزاری کے پہلے سے بڑھ کر جذبات ابھرے ہوں گے۔ پس اس جوش اور ولولے اور شکرگزاری کے جذبات کے ساتھ خلافت احمدیہ کی نئی صدی میں داخل ہو جائیں۔ یہ 27 مئی کا دن ہمارے اندر ایک نئی روح پھونک دے، ایک ایسا انقلاب برپا کر دے جو تاقیامت ہماری نسلوں میں یہی انقلاب پیدا کرتا چلا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا اس دور میں ہمیں داخل کرنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ حضرت مسیح موعود کے درخت وجود کی سرسبز شاخیں بننے کی ہم کوشش کرتے ہیں اور کر رہے ہیں۔''

(روزنامہ الفضل ربوہ۔ صد سالہ جوبلی نمبر 3 دسمبر 2008ء)

اے اللہ! تو ہمیں اس قابل بنادے کہ خلافت کی نعمت ہم میں ہمیشہ جاری و ساری رہے، تو ہمیں توفیق دے کہ ہم خلافت کے گرد پروانہ وار گھومتے رہیں اور خلافت ہمیں اپنے حصار میں لے لے۔ مولیٰ تو ہمیں خلافت کا محبّ اور محبوب بنادے اور امام وقت کا دیدار کرادے۔ آمین

# حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی بینن، جرمنی، سوئٹزرلینڈ، بیلجیئم اور کینیڈا کے دورہ کے دوران

# واقفین نو کلاسز میں شفقتوں کے اچھوتے انداز اور انمول اور پُر معارف نصائح

مکرم افتخار احمد انور صاحب

## نماز اور قرآن کریم پڑھنا سکھائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے دورہ بینن کے دوران مورخہ 10/اپریل 2004ء کو وقف نو کلاس کے دوران بچوں کا نماز، نماز باترجمہ اور قرآن کریم ناظرہ کا جائزہ لیا اور ہدایت فرمائی کہ امیر صاحب، سیکرٹری وقف نو اور لجنہ، خدام اطفال و ناصرات کی تنظیمیں باقاعدہ پروگرام بنائیں اور نماز سکھائیں۔ فرمایا ان بچوں کو کہیں کہ نماز باترجمہ سیکھیں۔ یہ بچے جو دعا مانگ رہے ہیں ان کو پتہ ہونا چاہئے کہ کیا پڑھ رہے ہیں۔ فرمایا نماز اور اس کا ترجمہ ہر بچے کو آنا چاہئے۔ حضور انور نے ایک بچے سے کلمہ سنا اور دو ناصرات سے نظمیں سنیں۔ حضور انور نے بچوں سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ گھر جا کر اپنے ماں باپ کے پیچھے پڑیں اپنے مربیان کے پیچھے پڑیں اور ان سے قرآن کریم پڑھنا سیکھیں۔

حضور انور نے فرمایا فرنچ زبان کس کس کو آتی ہے۔ اس پر سبھی بچوں نے اپنے ہاتھ بلند کئے۔ حضور انور نے فرمایا آپ سب بچے مجھے اپنے خط میں لکھیں کہ آپ نے قرآن کریم پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ حضور انور نے وہاں پر موجود والدین کو بھی فرمایا کہ بچوں کو نماز اور قرآن کریم پڑھنا سکھائیں اس کے اختتام پر حضور انور نے بچوں میں قلم تقسیم فرمائے اور چاکلیٹ بھی تقسیم کروائے۔

(روزنامہ الفضل 28/اپریل 2004ء)

## اچھی آوازوں پر خوشنودی کا اظہار

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ یورپ میں مورخہ 17 مئی 2004ء کے دوران جرمنی میں واقفین نو اور واقفات نو بچوں کی کلاس میں شرکت فرمائی۔ آپ نے ان کے پروگراموں کو سراہتے ہوئے۔ فرمایا کہ

''اتنی اچھی اچھی آپ کی آوازیں ہیں تو آپ لوگ ایم ٹی اے کے لئے ریکارڈ کروا کر بھجواتے کیوں نہیں''۔ (روزنامہ الفضل 21 مئی 2004ء)

## بچیوں کے لئے حجاب اور بچوں کے لئے قلم

دورہ جرمنی میں مورخہ 29 مئی 2004ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واقفین نو بچیوں اور بچوں کی کلاسوں میں شرکت کے لئے MTA کے مبشر سٹوڈیو میں تشریف لائے۔ سب سے پہلے واقفات نو کی کلاس ہوئی۔ بعد میں واقفین نو کی کلاس ہوئی۔ جس میں نظمیں، تقاریر اور ترانے وغیرہ پڑھے گئے۔ بچیوں کو حجاب عطا فرمائے اور بچوں کو قلم عطا فرمائے۔ (روزنامہ الفضل 2 جون 2004ء)

## واقفین نو سے شفقت کا انداز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دورہ کینیڈا کے دوران مورخہ 28 جون 2004ء کو مشن ہاؤس ہملٹن تشریف لائے تو حضور انور مردانہ ہال میں تشریف لائے۔ جہاں جماعت احمدیہ ہملٹن کے احباب صفوں میں اپنے آقا کے انتظار میں بیٹھے تھے۔ حضور انور نے سب حاضر احباب کو مصافحہ کا شرف عطا فرمایا۔ اس دوران میں بھی جب کوئی بچہ یا بچی اپنے بزرگوں کے ساتھ آتے تو حضور ان سے خصوصی شفقت کا اظہار فرماتے اور انہیں چاکلیٹ عطا فرماتے۔ جب پتہ چلتا کہ بچہ یا بچی وقف نو میں شامل ہے تو حضور کی مسرت بڑھ جاتی اور حضور ازراہ شفقت انہیں اپنے ہاتھ سے ایک ایک قلم بھی عطا فرماتے۔

(روزنامہ الفضل 7 جولائی 2004ء)

## خاص شفقت و سلوک

پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ دورہ کینیڈا کے دوران 30 جون 2004ء کو مسی ساگا جماعت کے سنٹر ''بیت الحمد'' پہنچے۔ حضور انور آڈیٹوریم سے باہر تشریف لائے تو لابی میں مسی ساگا اور بریمپٹن کے واقفین نو اور واقفات نو قطاریں بنا کر حضور انور کے منتظر تھے۔ حضور انور وقف نو سکیم میں شامل بچوں سے خاص شفقت کا سلوک فرماتے ہیں اور انہیں چاکلیٹ کے علاوہ ایک قلم بھی اپنے دست مبارک سے عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ حضور انور کا انہیں ابھی سے قلم عطا فرمانا ان میں سے ہر ایک کے لئے قلم کے جہاد میں مجاہد بننے کی مقبول دعا بن جائے۔ ان نوے کے قریب بچوں اور بچیوں نے بھی یہ سعادت حاصل کی۔

(روزنامہ الفضل 8 جولائی 2004ء)

حضور انور جامعہ احمدیہ کینیڈا کی عمارت میں تشریف لے گئے۔ پروگرام کے آخر پر حضور انور خواتین کی طرف تشریف لے گئے ان کے سامنے واقفات نو بچیوں کا گروپ نظمیں پڑھ رہا تھا۔ بچیوں نے نہایت خوبصورت یونیفارم پہنا ہوا تھا۔ حضور انور نے بچیوں میں چاکلیٹ تقسیم فرمائے اور واقفات نو کو چاکلیٹ کے علاوہ قلم بھی اپنے دست مبارک سے عطا فرمائے۔ اسی طرح مردوں کی طرف تشریف لے گئے۔ واقفین نو بچے بھی نظمیں پڑھ رہے تھے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت چاکلیٹ اور قلم عطا فرمائے۔

(روزنامہ الفضل 8 جولائی 2004ء)

## کینیڈا کے قومی دن پر واقفین نو کی تقریب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 2004ء میں کینیڈا تشریف لے گئے۔ جس میں کینیڈا کے قومی دن کی تقریب میں وقف نو کی کلاس ہوئی۔ جو کہ مورخہ یکم جولائی 2004ء کو کینیڈا کے شہر ٹورانٹو میں منعقد ہوئی۔

یکم جولائی کو کینیڈا کا قومی دن منایا جاتا ہے۔ یہ تقریب 1958ء سے مختلف ناموں سے منعقد ہو رہی ہے۔ لیکن 27/اکتوبر 1982ء سے یہ تقریب کینیڈا ڈے کے نام سے منائی جا رہی ہے۔ اس دن پورے کینیڈا میں چھٹی ہوتی ہے اور کینیڈین اس کو بہت جوش وخروش سے مناتے ہیں۔ اہم عمارتوں پر کینیڈا کا قومی پرچم لہرایا جاتا ہے اور رات کو آتش بازی وغیرہ بھی کی جاتی ہے۔ اس سلسلہ کی ایک سادہ مگر باوقار تقریب ٹورانٹو مشن ہاؤس کے احاطہ میں منعقد ہوئی۔ اس کی سب سے اہم بات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بنفس نفیس اس تقریب میں شرکت تھی۔ صبح نو بجے واقفین نو بچے بچیاں بہت خوبصورت لباس میں ملبوس کینیڈا کے جھنڈے کی مناسبت سے سرخ و سفید کپڑے پہنے مشن ہاؤس کے سامنے والے گراؤنڈ میں جمع ہوئے۔ ایک واقف نو بچے نے قومی پرچم اٹھایا ہوا تھا۔ بچے کالی پینٹ، سفید شرٹ اور سرخ ٹائی میں ملبوس تھے جبکہ بچیوں نے سفید شلوار قمیص، سرخ جیکٹ اور سکارف زیب تن کر رکھے تھے۔ اسی طرح سرخ رنگ کی ایک پٹی گلے میں پہنی ہوئی تھی جس پر کینیڈا لکھا گیا تھا۔ سامنے سبزہ زار میں کثیر تعداد میں احباب اور مشن ہاؤس کے دائیں طرف لجنہ کی ایک بڑی تعداد بیٹھی اپنے آقا کا انتظار کر رہی تھی۔

نو بج کر پینتیس منٹ پر حضور انور تشریف لائے۔ حضور انور نے شہر کے میئر مائیکل ڈی بیاسے (Michal Di Biase) سے ہاتھ ملایا جو اس باوقار تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے۔ مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب امیر جماعت کینیڈا ڈائس پر تشریف لائے اور ایک واقف نو کو تلاوت کے لئے بلوایا۔ ایک بچی نے اس کا انگلش ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد حضور انور نے جماعت کا اور شہر کے میئر نے کینیڈا کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد واقفین نو بچوں نے کینیڈا کا قومی ترانہ پڑھا۔ حضور انور نے شہر کے میئر اور ''احمدیہ دارالامن'' کے بلڈر کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔ جس کے بعد ایک واقفہ نو بچی نے انگلش میں انتہائی پیارے انداز میں ایک پُر اثر تقریر کی جس کا موضوع تھا ''میں کینیڈا سے کیوں محبت کرتی ہوں''۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور یہ پروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ ہزاروں کی تعداد میں احباب جماعت مرد و زن، بوڑھے اور بچے اس تقریب کو دیکھنے کے لئے جمع تھے۔

## حضور انور کی شفقتیں اور کینیڈا کے واقفین نو

سوا دس بجے حضور انور بیت الذکر ٹورانٹو تشریف لائے۔ جہاں واقفات نو بچیوں کے ساتھ کلاس ہوئی۔ یہ کلاس ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔ اس کلاس میں 71 واقفات نو بچیاں شامل ہوئیں۔

اس کلاس میں خولہ نصر اللہ صاحبہ نے تلاوت قرآن کریم کی۔ جس کا اردو ترجمہ ماہم سجاد صاحبہ نے پیش کیا۔ ترجمہ کے پیش ہونے کے بعد حضور انور نے بعض الفاظ اور جملوں کے معانی دریافت فرمائے۔ اس کے بعد حمدیٰ طاہر صاحبہ نے اپنی تقریر میں حضور انور کو کینیڈا کی تمام واقفات نو بچیوں کی طرف سے خوش

آمدید کہا۔

اس کے بعد سات بچیوں نے مل کر کورس کی شکل میں نظم ع

حمد و ثناء اسی کو جو ذات جاودانی

ترنم کے ساتھ پڑھی۔ حضور انور نے بعض اشعار اور الفاظ کے معانی دریافت فرمائے۔ اس نظم کے بعد تین بچیوں نے مل کر حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ پڑھا۔ جس کا اردو ترجمہ سلمانہ حنیف صاحبہ نے پیش کیا۔ حضور انور نے قصیدہ کے بعض اشعار اور عربی الفاظ کے معانی دریافت فرمائے۔ اس کے بعد خلافت کی برکات پر ایک بچی عزیزہ طلعت صالح نے تقریر کی۔ اس تقریر کے بعد نو بچیوں نے مل کر کورس کی شکل میں خلافت کا فیضان کے عنوان سے منظوم کلام ترنم کے ساتھ پڑھا۔ اس نظم کے پڑھے جانے کے بعد حضور انور نے بعض الفاظ اور جملوں کے معانی دریافت فرمائے۔

بچیوں کی کلاس کے اس پروگرام کے دوران حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنی بچیاں ایسی ہیں جو یہ خواہش رکھتی ہیں کہ وہ ٹیچر بنیں اور کتنی ڈاکٹر بننا چاہتی ہیں۔

آخر پر حضور انور نے مختلف پروگراموں میں حصہ لینے والی بچیوں کو قلم عطا فرمائے اور پھر اس کلاس میں شرکت کرنے والی تمام بچیوں کو حجاب بھی دیئے۔ کلاس کے اختتام پر تمام بچیوں کو ریفریشمنٹ مہیا کی گئی اور ہر ایک کو Snack Box دیئے گئے۔

ساڑھے گیارہ بجے واقفین نو بچوں کے ساتھ کلاس ہوئی۔ تلاوت قرآن کریم فراز فیصل صاحب نے کی۔ جس کا اردو ترجمہ حماد احمد رانا صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد عطاء الٰہی صاحب نے اپنی تقریر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو کینیڈا کے تمام بچوں کی طرف سے خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد پانچ بچوں نے مل کر کورس کی شکل میں نظم ع

اے مسیحا نفس اے مہ دلبراں ............ پڑھی۔

اس نظم کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کے قصیدہ ”یاعین فیض اللّٰہ والعرفان“ کے چند اشعار ایک واقف نو طفل ازمان حیدر صاحب نے ترنم کے ساتھ پڑھے۔

حضور انور نے اس کو بہت پسند فرمایا اور دوبارہ پڑھنے کی ہدایت فرمائی۔ بعد میں اعزاز احمد خان نے قصیدہ کے ان اشعار کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد ملک کینیڈا پر ایک پریزنٹیشن پیش کی گئی۔ جس میں پورے ملک کا ایک اجمالی خاکہ کمپیوٹر کی مدد سے پیش کیا گیا اور ملک کے دس صوبوں اور تین Territories کی تفصیل بھی پیش کی گئی۔

اس کے بعد فرحان قریشی صاحب نے اردو میں نظم پڑھی۔ حضور انور نے پروگرام میں حصہ لینے والے بچوں کو قلم تقسیم فرمائے۔ آخر پر حضور انور نے تمام واقفین نو سیکرٹریان کو شرف مصافحہ بخشا اور سب کو قلم عطا فرمائے۔ (روزنامہ الفضل 10 جولائی 2004ء)

# نماز اور قرآن کریم باترجمہ کی طرف توجہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے دورہ سوئٹزرلینڈ و بیلجیئم کے دوران مورخہ 6 ستمبر 2004ء کو بیت محمود زیورخ میں نیشنل مجلس عاملہ سوئٹزرلینڈ کے ساتھ میٹنگ میں ہوئی۔ سیکرٹریان کو ہدایات دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ واقفین نو کا اس پہلو سے بھی جائزہ لینا ضروری ہے کہ وہ باقاعدہ پانچوں وقت کے نمازی ہیں۔ باقاعدہ تلاوت کرنے والے ہیں۔ نماز قرآن کریم کی تلاوت تو بنیادی چیزیں ہیں۔ اس کی پوری طرف پوری توجہ ہونی چاہئے۔ ان کو قرآن کریم کا مکمل ترجمہ بھی آپ نے پڑھانا ہے اس کے لئے بھی عرصہ معین ہونا چاہئے کہ اتنے عرصہ میں ترجمہ مکمل کروانا ہے۔

(روزنامہ الفضل 15 ستمبر 2004ء)

# بیلجیئم کے واقفین نو کی کلاس

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے بیلجیئم کا دورہ فرمایا۔ مورخہ 11 ستمبر 2004ء کو جلسہ مستورات کو خطاب کے بعد وقف نو بچوں کے ساتھ کلاس کا انعقاد ہوا۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ دس سال سے اوپر کتنے بچے شامل ہیں تو اس پر چند بچوں اور بچیوں نے اپنے ہاتھ کھڑے کئے۔

اس کے بعد عزیزم عقیل احمد نے تلاوت قرآن کریم کی جس کا اردو ترجمہ عزیزم سلمان احمد صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد عزیزم سعید احمد صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام ع

(-) سے نہ بھاگو راہ ہدیٰ یہی ہے

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔ اس نظم کے بعد حضور انور نے بچوں سے پوچھا کیا اس نظم کی آپ کو سمجھ آئی ہے۔ حضور انور نے بچوں سے مختلف الفاظ کے معانی بھی دریافت فرمائے۔

اس کے بعد عزیزہ ریمزہ نصیر نے ”آنحضور ﷺ کی شجاعت“ کے عنوان پر تقریر کی۔ حضور انور نے اس تقریر کے مضمون پر بچوں سے سوالات کئے اور بچوں کو ہدایت فرمائی کہ غور سے سنا کرو تا کہ پتہ ہو کہ کیا کہا جا رہا ہے۔

اس کے بعد حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ یاعین فیض اللّٰہ والعرفان عزیزہ منصورہ عزیزہ عائشہ اور عزیزہ غزالہ نے کورس کی شکل میں ترنم کے ساتھ پڑھا اور عزیزم اسامہ کریم نے اس کا ترجمہ پیش کیا۔

اس کے بعد عزیزہ فریحہ ثناء نے ”سچ کی اہمیت“ پر تقریر کی۔ حضور انور نے بچوں سے مختلف سوالات کئے اور دریافت فرمایا کہ اس تقریر میں کیا مضمون بیان ہوا ہے۔

اس تقریر کے بعد عزیزہ سعدیہ، صباحت احسان اور عاصمہ بشارت نے گروپ کی شکل میں نعت ع

بدرگاہ ذی شان خیرالانام

پڑھی اس نعت کے پڑھنے کے بعد حضور انور نے فرمایا ماشاء اللہ آپ سب نظمیں پڑھنے والوں کی آوازیں بہت اچھی ہیں۔

بعد ازاں عزیزہ شائلہ نعیم شاہین نے ملک بیلجیئم کا تعارف پیش کیا۔ اس کلاس کے آخری پروگرام میں بیلجیئم کی سیر، کے عنوان کے تحت عزیزم نعمان احمد نے فرنچ زبان میں تین مقامات منی یورپ، ایٹومیم اور واٹرلو کا تعارف تصاویر اور نقشہ جات کے ذریعہ کروایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت خود اردو زبان میں ان مقامات کا تعارف کروایا۔

آخر پر حضور انور نے تمام بچوں اور بچیوں میں تحائف تقسیم فرمائے۔

(روزنامہ الفضل 16 ستمبر 2004ء)

# انوارِ خلافت

بھری دنیا میں تنہا یہ ہمیں اعزاز حاصل ہے
ہدایت یافتہ رہبرؔ معیّن اپنی منزل ہے

کوئی طوفان اٹھے یا کوئی پھر ابتلاء آئے
اندھیرے میں ہمیں اس کی دعاؤں کی ضیاء آئے

بظاہر دور ہے نظروں سے لیکن روز ملتا ہے
وہ بن کر پیار کی خوشبو ہمارے دل میں رہتا ہے

محبت کا سدا شیریں ترانہ ہم نے گانا ہے
ہمیشہ کیلئے نفرت کو دنیا سے مٹانا ہے

مخالف کو مرےؔ اے ہمنشیں جا کر بتا دینا
خدا پر ہے بھروسہ جبؔ مجھے دنیا سے کیا لینا

خدا کے فضل کا سایہ ہمیشہ ہی رہے قائم
دعا کرتا ہوں انوارِ خلافت ہم پہ ہوں دائم

انور ندیمؔ علوی

احمد ٹریولز انٹرنیشنل
گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805
یادگار روڈ ربوہ
اندرون و بیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں
Tel:6211550 Fax 047-6212980
Mob:0333-6700663
E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

جماعت احمدیہ میں ہونے والی سالانہ ترقیات مبارک ہوں
علی تکہ شاپ
اقصیٰ روڈ ربوہ
طالب دعا: محمد اکبر
فون: 047-6212041

مغل پراپرٹی آفس پروپرائیٹر: عبدالہادی
مکان پلاٹ وغیرہ کی خرید و فروخت کا با اعتماد آفس
کالج روڈ دارالبرکات ربوہ
فون آفس: 047-6215171
موبائل: 0333-6706641

W.B
پروپرائٹر: وقار احمد مغل
Waqar Brothers Engineering Works
Corbide Daies Corbide parts
Silver Brose instruments.
Shop No.4 Shaheen Market Madni Road new Dhurm pura Mustfa Abad Lahore mob:0300-9428050

لاہور میں جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے با اعتماد ادارہ
فاروق اسٹیٹ
3۔ای مین مارکیٹ گلبرگ ٹو۔لاہور
042-5757847-48
Email:farooqestate@hotmail.com

انصر سٹیل ڈیلر: سی آر سی شیٹ اور کوائل
طالب دعا: انصر کلیم، عرفان فہیم
192۔لوہا مارکیٹ۔لنڈا بازار۔لاہور
فون آفس: 042-7641102,7641202
فیکس: 042-7632188
Email:hadi@hadimetals.com

لائل پور ہوزری سٹور
بنیان، جراب، تولیہ اور جرسیوں کی اعلیٰ ورائٹی کا مرکز
جھنگ بازار، چوک گھنٹہ گھر فیصل آباد
طالب دعا: چوہدری منور احمد ساہی
فون آفس: 041-619421-0333-6503406

ہول سیل ہر قسم کا اعلیٰ و معیاری کاغذ دستیاب ہے
پرائم پیپر ٹریڈرز
22۔ذوالقرنین چیمبرز گنپت روڈ۔لاہور
طالب دعا: ملک مدثر احمد ستکوہی
فون آفس 042-7232380, 042-7248012

سمیع سٹیل ٹریڈرز
